اصلی مقبول تعویذات مکمل



حمید بک ڈپو۔ نولکھا بازار۔ لاہور

Scanned by CamScanner

جملہ حقوق محفوظ ہیں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بہ عون و صناع مکین و مکان فضل خلاق زمین و زمان

ان اللہ علیٰ کل شیٔ قدیر

وظائف عملیات و تعویذات کی مجرب کتاب

یعنی

حل المشکلات

تعویذات طلسمی

مقبول تعویذات مکمل

فالنامہ معہ خواب نامہ

عملیات کلام پاک

تعویذات عشق و محبت

مصنف

مولانا المعنوی حکیم پیر عبدالقادر صاحب قادری نقشبندی

منگوانے کا پتہ

حمید بک ڈپو نوکھا بازار لاہور ۶

(قیمت آٹھ روپے)

Scanned by CamScanner

دیباچہ

آج کل لوگوں کو جس قدر تعویذات کا شوق ہے اسیقدر اس موضوع پر کتابیں شائع ہو رہی ہیں اکثر ایسی ہیں جو کسی زمانہ میں صاحب تصنیف نے نہایت محنت سے مرتب کی ہونگی لیکن آج کل کے بعض خود غرض تاجران کی ناپرواہی سے انکی اصلیت ہی تبدیل ہو گئی ہے بے شمار غلطیوں کے علاوہ تعویذات کے اعداد کو ایسا غلط کر دیا گیا ہے۔ کہ باوجود کوشش کے سمجھ میں نہیں آسکتے اسی وجہ سے عام لوگ تعویذات کی کتابوں سے آہستہ آہستہ بدظن ہوتے جارہے ہیں۔ حالانکہ یہ تالیف کرنے والوں کا قصور نہیں بلکہ ان چھاپنے والوں کا قصور ہے۔ جو محض روپیہ کمانے کی غرض سے بغیر کسی عامل کامل کو دکھائے اور نظر ثانی کرائے طبع کراتے چلے جاتے ہیں جب کوئی آدمی کسی عمل کا عامل ہونا چاہتا ہے۔ تو اسے سخت ناکامی ہوتی ہے اور وہ بددل ہو کر ہمیشہ کے لئے تعویذات کی کتابوں سے ہی متنفر ہو جاتا ہے۔

ان سب وجوہات کے پیش نظر ہمیں یہ خیال آیا ہے کہ کیونکہ نہ کوئی ایسی کتاب طبع کی جائے جو مستند اور جامع ہو۔ اور بزرگوں سے حاصل کئے ہوئے تعویذات و عملیات درج کئے جائیں۔ جو بارہا کے آزمودہ اور تیر بہدف بھی ہوں۔

الحمدللہ آج ہم اس مقصد میں کامیاب ہو کر ناظرین کی خدمت یہ جامع اور مکمل کتاب پیش کر رہے ہیں اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ میری محنت کو قبول فرمائیں اور مسلمانوں کو جائز فائدہ اٹھانے کی توفیق دے۔

Scanned by CamScanner

آخر میں مجھے یہ کہنا ضروری ہے کہ عامل تعویذات لکھنے والے کے لئے یہ لازم ہے۔ کہ وہ ارکان اسلام کا نہایت سختی سے پابند ہو۔ حلال اور حرام میں تمیز کر سکے کسی ایسے کام کے لئے جس سے خلق خدا کو نقصان ہو۔ کوئی عمل نہ کرے ناجائز باتوں کے لئے بھی تعویذات کا لکھنا حرام ہے اور کسی عالم یا عمل سے اجازت حاصل کر کے عمل کرے۔ پھر انشاء اللہ کوئی عمل یا تعویذ خطا نہ جائے گا۔

فقط

وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ

مُصَنِّفہ:-

نوٹ:- قرآن مجید کی جس قدر آیات اس کتاب میں درج ہیں ان کو پڑھنے سے پیشتر قرآن پاک سے ان کا صحیح یا غلط ہونا دیکھ لیں تاکہ زیر زبر کا اگر فرق ہو تو نکل جائے۔ اور عمل میں کسی قسم کا نقص نہ آئے۔ کیونکہ بعض اوقات باوجود بڑی احتیاط کے بھی زیر زبر کا فرق رہ ہی جاتا ہے۔

واللہ غفور الرحیم

"خاکسار"

Scanned by CamScanner

عامل کیلئے ضروری ہدایات

۱:۔ عامل کے لئے نیک، عزیز عوام الناس، متقی پرہیزگار، مستقل مزاج اور پابند صوم صلوٰۃ ہونا ضروری ہے۔

۲:۔ کسی عمل یا نقش کو اپنے کام میں لانے سے پیشتر اس کی زکوٰۃ دینا لازمی ہے ورنہ نقش کا لکھنا یا عمل کا کرنا فضول ہوگا۔

۳:۔ زکوٰۃ عمل پابندی اور شرائط کے ساتھ بلا ناغہ ادا کرنی چاہیئے۔

۴:۔ زکوٰۃ بغیر کسی دنیاوی مقصد یا غرض یا خیال کے ادا کرنی چاہیئے۔ اور زکوٰۃ ادا کر چکنے کے بعد بھی بطور روزانہ مشق کے مقرر تعداد کے موافق عمل کرنا ضروری ہوتا ہے تاکہ عمل قابو میں رہے۔

۵:۔ عمل کسی ناجائز کام کے لئے نہ کیا جائے۔ ورنہ بجائے فائدہ کے نقصان ہو جاتا ہے۔

۶:۔ عمل کرتے وقت ستاروں کی سعادت، نحوست اور ساعات کا خیال بھی رکھنا چاہیئے اگر ایسا نہ کیا جائیگا تو عمل بے اثر ثابت ہوگا۔

۷:۔ عمل کرتے وقت اس کی پوری صحت اور درستی کا خیال رکھنا چاہیئے۔ غلط سلط پڑھنے یا کرنے سے عامل پر وبال پڑے گا۔

۸:۔ عمل باقاعدہ ترتیب وار ہونا چاہیئے۔ بے ترتیب نقل کر دینا کوئی فائدہ نہیں رکھتا خواہ بطور زکوٰۃ ہی کرنا ہو۔ یا حصول مقصد کے لئے ترتیب کو ضرور مدِ نظر رکھیں۔

۹:۔ ستاروں کے موکلات اور آدمیوں کے طالع وغیرہ کے متعلق بھی واقفیت ضروری ہے۔ تاکہ عمل کے وقت ان سے حسب موقعہ مناسب مدد لی جائے ستاروں کی منازل، ان کی دوستی و دشمنی وغیرہ وغیرہ کا خیال

Scanned by CamScanner

رکھا جائے۔ بروج ان کے باہمی تعلقات۔ ستاروں اور موکلات کے بخورات اور خواص سے واقفیت ضروری ہے۔

۱۰:- حروف ابجد کے اعداد سے واقفیت بھی لازمی ہے۔ اور ان کی طبیعت اور خاصیت کا جاننا بھی ضروری ہے۔

۱۱:- سب سے آخری اور بڑی شرط صدق دل، صدق مقال۔ رزق حلال، کمال طہارت اور بے غرضی ہے۔ نیز عامل کو خوش اعتقادی، حوصلہ، پوری توجہ اور اعانت الٰہی پر بھروسہ ہونا چاہیئے۔

اگر کوئی شخص ان ہدایات پر کاربند ہو کر عمل کرے گا۔ تو یقیناً شاہد مقصود سے ہمکنار ہوگا۔ اور ان لوگوں کو جو اس علم سے منکر یا کسی وجہ سے بدظن ہیں۔ بتا سکے گا کہ ان کا خیال غلط اور لغو ہے۔ اور کہ اس علم میں کس قدر طاقت ہے جس کی کوئی حد و حساب نہیں۔ دین اور دنیا کی بھلائیاں اس میں ایک جگہ جمع ہیں۔

مؤلف

پیر عبدالقادر

حمید بک ڈپو نولکھا بازار لاہور

Scanned by CamScanner

حصولِ دین کے وظائف

۱:- ہر نماز کے بعد پانچ مرتبہ صدق دل سے ہمیشہ کے لئے روزانہ پڑھے۔ انشاء اللہ عامل کے دل میں محبت الٰہی کا جذبہ پیدا ہو جائے گا۔ اَللّٰھُمَّ حَرِّقْ قَلْبِیْ بِنَارِ عِشْقِکَ وَارْزُقْنِیْ اِزْدِیَادَ مَحَبَّتِکَ حَتّٰی لَا یَبْقٰی شَیْءٌ غَیْرُکَ ۝

۲:- اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کا دل خدا کی طرف رجوع ہو جائے تو لازم ہے کہ ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ اس آیت شریف کو پڑھ لیا کرے انشاء اللہ اس کا قلب محبت الٰہی میں قائم ہو جائے گا۔ آیت شریف یہ ہے فَاسْتَقِمْ کَمَا اُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَکَ :-

۳ :- ہر نماز کے بعد کلمہ توحید لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ لَا یَمُوْتُ اَبَدًا اَبَدًا ط ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ بِیَدِہِ الْخَیْرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ پڑھ لینے سے بندے کی نماز قبول ہو جاتی ہے اور اللہ تعالےٰ اس بندے کو اپنی محبت میں مبتلا کر دیتا ہے۔

۴ :- لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْعَظِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سبحان رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سبحان الْوَاحِدِ الْکَفِیْلِ ط لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْفَتَّاحِ الْعَلِیْمِ ط ہر روز نماز مغرب کے بعد دس مرتبہ اول و آخر درود شریف جتنی مرتبہ چاہے پڑھنے سے انسان کے دل میں محبت الٰہی کا جذبہ پیدا ہو جاتا ہے۔ اور بداوت کرنے سے عاشق خدا بن جاتا ہے۔

۵:- ہر وقت کے لئے وضو یا وضو رہے غرض جس حالت میں بھی ہو۔ اٹھتے بیٹھتے جاگتے سوتے ذیل کا ورد زبان رکھے۔ انشاء اللہ محبت الٰہی کے سمندر میں شناوری کرے گا۔ اَللّٰہُ ھَادِیْ، اَللّٰہُ نَاصِرِیْ، اَللّٰہُ نَاصِرِیْ، اَللّٰہُ مُغْنِیْ اَللّٰہُ وَلِیِّیْ :-

Scanned by CamScanner

۶:- یوں تو اللہ تعالےٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہر ایک اسم نور اعلیٰ نور ہے لیکن ہر ایک اسم کے ساتھ اس کی خصوصیات بھی ہیں جن کا ذکر اسی کتاب میں کسی علیحدہ جگہ بھی کیا گیا چنانچہ جو شخص سُبُّوحٌ، قُدُّوسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰئِکَةِ وَالرُّوحِ کو بعد نماز جمعہ ایک سو پچاسی ۱۸۵ مرتبہ پڑھے اور پھر انہی اسماء مبارکہ کو ایک پاکیزہ روٹی پر لکھ کر کھا لیا کرے۔ اللہ تعالےٰ کی محبت اس کے دل میں موجزن ہو گی اور تمام آفات سے سلامت رہے گا۔ ہر جمعہ کو اس کی مداومت ضروری ہے اللہ اس کو اپنی عبادت کی توفیق بخشے گا۔

۷:- اگر کوئی شخص ذیل کے نقش مکرم کو جو سورہ اخلاص کا ہے کاغذ پر خوشخط لکھ کر اپنی خلوت کی جگہ پر آویزاں اور فرصت کے بعد نقش مکرم پر نظر جما کر دیکھتا رہے۔ تو اللہ تعالیٰ کی محبت کا جذبہ اس کے دل میں پیدا ہو جائے گا۔

قل ھو	اللّٰہ احد	اللّٰہ	الصمد
اللّٰہ احد	اللّٰہ	الصمد	لم یلد
اللّٰہ	الصمد	لم یلد	ولم یولد
الصمد	لم یلد	ولم یولد	ولم یکن لہٗ
لم یلد	ولم یولد	ولم یکن لہ	کفوًا احد

نقش مکرم یہ ہے۔

۸:- حَسْبِیَ اللّٰہُ رَبِّیْ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ۔ تین مرتبہ، سورہ فاتحہ تین مرتبہ، سورہ اخلاص تین مرتبہ اللّٰہُمَّ شَافِنِیْ، اللّٰہُمَّ عَافِنِیْ، اللّٰہُمَّ قَاضِیْ۔ تین مرتبہ ہر نماز کے بعد بلا ناغہ کے طور پر پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کی محبت بندے کے دل میں موجزن ہوتی ہے۔

۹:- عاشقانِ الٰہی سے منقول ہے۔ کہ اگر کوئی بندہ کثرت کے ساتھ بخلوص دل اَللّٰھُمَّ مُقَلِّبَ قُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی مَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی پڑھتا رہے تو اس کا دل اللہ کی طرف راغب ہو جائے گا۔ خواہ کیسا ہی سرکش و نافرماں کیوں نہ ہو۔ اللہ تعالےٰ کی محبت اور شوق عبادت کے درجے تک پہنچ جائے گا۔

Scanned by CamScanner

۱۰:- صبح کی نماز سے فارغ ہو کر قبلہ رو بیٹھ جائے اور پہلے تین یا سات یا گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھکر سورہ یٰسین کی تلاوت شروع کرے اور جب مبین پر پہنچے تو اختتام آیت کے گول ۵ نشانوں کو اپنے ذہن میں تصور کرکے آنکھیں بند کرے اور دل میں خیال کرے کہ اس گول نشان میں سے نور نکل رہا ہے۔ جس نے نہ صرف میرے چاروں طرف احاطہ کر لیا ہے۔ بلکہ کمرے سے باہر نکل کر سارے جہان پر چھا رہا ہے۔ یہاں تک کہ کل مافیہا دنیا کو اس نور نے ڈھانپ لیا ہے پھر آنکھیں کھول کر آگے پڑھے جب مبین پر پہنچے تو ایسا ہی خیال کرے یہانتک کہ ساری سورت ختم کر دے۔ چالیس دن تک متواتر ایسا عمل کرنے سے عامل کو خود بخود معلوم ہو گا۔ کہ وہ نور الٰہی کے سائے میں ہے۔ اور عجیب و غریب کیفیات و تجلیات الٰہی کا ظہور ہو رہا ہے اور محبت الٰہی کا جذبہ کوٹ کوٹ کر اس کے جسم کی ہر رگ و پے میں بھرا جا رہا ہے۔ انشاء اللہ تعالےٰ۔

۱۱:- جو شخص تہجد کے وقت کثرت کے ساتھ الصمد کا ورد رکھے گا اور اول و آخر درود شریف کی ملاومت اختیار کرے گا تو اس کی زندگی میں دیدار الٰہی نصیب ہو گا۔ انشاء اللہ تعالےٰ ::

اوراد برائے محبت و دیدار

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہر ایک مسلمان کے لئے ضروری ہے۔ کہ وہ اپنی تمام خواہشوں اور چیزوں

کی نسبت اللہ تعالےٰ اور اس کے رسول مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ کی محبت سے زیادہ رکھے اگر کسی شخص کے دل میں اپنی جان و مال، اولاد، جائداد وغیرہ وغیرہ کی محبت اللہ تعالےٰ اور اس کے محبوب سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت سے زیادہ ہے۔ تو وہ شخص مسلمان نہیں۔ ہم بغرض افادہ عام چند سہل اور ایسے مجرب اوراد درج کرتے ہیں۔ جن سے جناب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت بھی نصیب ہوتی رہے گی۔ اور رسول اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جانثار عاشقوں میں شامل ہو جائے گا۔

۱۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا صَاحِبَ الشَّفَاعَةِ وَيَا نَاصِرَ الْمُسْلِمِيْنَ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَاتِمَ الرِّسَالَتِ يَا سَيِّدَ النَّبِيِّيْنَ ۝

ہر روز بعد از نماز عشاء صدق دل سے اکتالیس ۴۱ مرتبہ پڑھنا چاہیئے انشاء اللہ عامل کے دل میں محبت رسول کا سمندر موجزن ہوگا۔ اور اگر عامل ہمیشہ مداومت رکھے گا۔ بالعموم آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت سے بھی مشرف ہوتا رہیگا۔

۲۔ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسمائے مبارک کا روزانہ ورد کرنا مندرجہ بالا کے مجرب ہے۔ کوئی قید یا پابندی یا شرط نہیں۔ جتنی دفعہ ہو سکے روزانہ بلاناغہ پڑھ لیا کرے۔ اسمائے مبارک یہ ہیں اگلے صفحہ پر۔

منگوانے کا پتہ

حمید بک ڈپو نوکھر بازار ملتان

Scanned by CamScanner

اسمائے مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کے

ان متبرک اسموں کا ورد اس طرح کرے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مِنْ اِسْمُہٗ

نوٹ:- آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہر اسم کے ساتھ لفظ سیدنا ضرور پڑھنا چاہیئے

سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم	حامد صلی اللہ علیہ وسلم	محمد صلی اللہ علیہ وسلم	احمد صلی اللہ علیہ وسلم
حبیب صلی اللہ علیہ وسلم	مزمل صلی اللہ علیہ وسلم	یٰسین صلی اللہ علیہ وسلم	حمید صلی اللہ علیہ وسلم
خلیل صلی اللہ علیہ وسلم	نبی صلی اللہ علیہ وسلم	قاسم صلی اللہ علیہ وسلم	ھادی صلی اللہ علیہ وسلم
احمد صلی اللہ علیہ وسلم	داعی صلی اللہ علیہ وسلم	قاسم صلی اللہ علیہ وسلم	کلیم صلی اللہ علیہ وسلم
قدیر صلی اللہ علیہ وسلم	طٰہٰ صلی اللہ علیہ وسلم	نصیر صلی اللہ علیہ وسلم	ولی صلی اللہ علیہ وسلم
حنتل صلی اللہ علیہ وسلم	رسول صلی اللہ علیہ وسلم	بشیر صلی اللہ علیہ وسلم	وحی صلی اللہ علیہ وسلم
عاقب صلی اللہ علیہ وسلم	صاحب صلی اللہ علیہ وسلم	امین صلی اللہ علیہ وسلم	مبلغ صلی اللہ علیہ وسلم
متین صلی اللہ علیہ وسلم	علیم صلی اللہ علیہ وسلم	شفیع صلی اللہ علیہ وسلم	بیان صلی اللہ علیہ وسلم
مصدق صلی اللہ علیہ وسلم	مختار صلی اللہ علیہ وسلم	مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم	ناطق صلی اللہ علیہ وسلم
واعظ صلی اللہ علیہ وسلم	ذاکر صلی اللہ علیہ وسلم	برھان صلی اللہ علیہ وسلم	فاتح صلی اللہ علیہ وسلم
عادل صلی اللہ علیہ وسلم	حافظ صلی اللہ علیہ وسلم	حجۃ صلی اللہ علیہ وسلم	نور صلی اللہ علیہ وسلم
مرضی صلی اللہ علیہ وسلم	شفیع صلی اللہ علیہ وسلم	عالم صلی اللہ علیہ وسلم	جواد صلی اللہ علیہ وسلم
رحیم صلی اللہ علیہ وسلم	امی صلی اللہ علیہ وسلم	تھامی صلی اللہ علیہ وسلم	قریشی صلی اللہ علیہ وسلم
غریب صلی اللہ علیہ وسلم	صدیق صلی اللہ علیہ وسلم	صادق صلی اللہ علیہ وسلم	صباح صلی اللہ علیہ وسلم
طاھر صلی اللہ علیہ وسلم	فتاح صلی اللہ علیہ وسلم	رؤف صلی اللہ علیہ وسلم	نذیر صلی اللہ علیہ وسلم
مجازی صلی اللہ علیہ وسلم	ھاشمی صلی اللہ علیہ وسلم	حلیم صلی اللہ علیہ وسلم	یتیم صلی اللہ علیہ وسلم
مکین صلی اللہ علیہ وسلم	خاضع صلی اللہ علیہ وسلم	شکور صلی اللہ علیہ وسلم	
محمد صلی اللہ علیہ وسلم			

Scanned by CamScanner

۳۔ وَلَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِّنْ أَنفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَلَيْكُم بِالْمُؤْمِنِينَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ ط (سورہ توبہ ع ۱۴۸)

اس آیت شریف کا روزانہ جتنی مرتبہ ہو سکے ہمیشہ ورد کرنے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ امتی کی محبت بڑھتی ہے۔ اور اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اس بندے کو اپنے رسول کی زیارت سے بھی مشرف کرتا ہے آغاز ماہ میں پنجشنبہ کے دن شروع کرے۔

۴۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ حُسْنِہٖ وَوَجَمَالِہٖ۔ اَللّٰھُمَّ جَرَّتْ قَلْبِیْ بِنَارِ عِشْقِ حَبِیْبِنَا مُحَمَّدٍ رُوْحِیْ فِدَاہُ۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ شَیْءٍ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ صَلٰوۃُ اللّٰہِ وَسَلَامُہٗ وَمَلٰٓئِکَتِہٖ وَاَنْبِیَائِہٖ وَرُسُلِہٖ وَجَمِیْعِ خَلْقِہٖ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّسَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَاِمَامِ الْمُتَّقِیْنَ وَخَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ وَقَائِدِ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِیْنَ وَشَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ وَرَسُوْلِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَذُرِّیَّتِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ وَاَحْیَائِہٖ وَاَحْفَادِہٖ وَعَشِیْرَتِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ اَجْمَعِیْنَ ط۔

کم از کم ایک مرتبہ زیادہ سے زیادہ جتنی دفعہ دل چاہے۔ روزانہ ہر نماز کے بعد پڑھے چند دنوں کے بعد دیکھے کہ محبت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نور اس کے دل میں کس قدر موجزن ہے۔

جو شخص بعد ادائے زکوٰۃ اس نقش مکرم کو متواتر چالیس دن تک سوتے وقت پانی میں گھول کر پیئے گا اور کچھ چھینٹے اسی پانی کے جس میں نقش گھولا گیا ہو۔ اپنے منہ پر اس طرح ترتیب سے دے گا کہ زمین پر ایک قطرہ نہ گرے تو انشاء اللہ العزیز خواب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوگا۔



استخارہ کرنے کا بیان

جب انسان کوئی کام کرنے لگے تو لازم ہے کہ اس کے عواقب و نتائج اور دستور عمل پر پہلے نظر کرے تاکہ بعد میں پشیمانی حاصل نہ ہو۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے۔ کہ کوئی کام شروع کرنے سے پہلے استخارہ کرلو جس کے ذریعہ اللہ تعالےٰ تمہیں اس کام میں بھلائی یا برائی یعنی نفع یا نقصان سے آگاہ کردیگا۔ چنانچہ ایک چند ایک مجرب طریقے استخارہ کرنے کے لکھے جاتے ہیں

۱۔ پاک صاف ہوکر خلوت کے مکان میں مصلے پر بیٹھ جاؤ جس قدر تعداد میں جی چاہے درود شریف پڑھو کر کام مطلوبہ کی نسبت بھلائی یا برائی معلوم کرنے کی غرض سے کھڑے ہوکر دو رکعت نماز شروع کرو۔ پہلی رکعت پڑھنے کے بعد جب دوسری رکعت میں اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ پہنچو تو اسی آیت شریف کی لا تعداد پر تکرار کرتے رہو۔ یعنی بے حساب یہ آیت پڑھنا شروع کرو۔ یہاں تک کہ تمہاری گردن خود بخود دائیں یا بائیں طرف پھر جائیگی جس وقت گردن پھر جائے تو بقیہ نماز پوری کرو۔ اگر تمہاری گردن دائیں طرف پھری ہو تو کام کرنا

اچھا ہے ورنہ برا۔

۲۔ دو رکعت نماز استخارہ کی نیت سے پڑھو بعد اس کے ایک سو مرتبہ درود شریف۔ پھر ایک سو ایک مرتبہ یَا خَیْرَ اَخْیُرْنِیْ ایک سو ایک مرتبہ یَا رَشِیْدُ اَرْشِدْنِیْ پھر ایک سو ایک مرتبہ یَا هَادِیَ اِهْدِنِیْ پھر یا عِلْمُ عَلِّمْنِیْ پھر ایک سو ایک مرتبہ درود شریف پڑھ کر خدا سے بھلائی یا برائی کا کام کرنے کی دعا مانگو اور اسی جگہ اسی مصلے پر سو رہو۔ انشاء اللہ پہلی رات میں ہی بذریعہ خواب سب کچھ معلوم ہو جائے گا۔ اگر پہلی رات ناکامی ہو تو دوسری یا تیسری رات تک کرو ضرور سب حال ہو جائے گا۔

۳۔ مکان خلوت میں دو رکعت نماز استخارہ پڑھو پھر جس قدر تعداد میں ہو سکے طاق تعداد میں درود شریف پڑھ کر ذیل کی دعا پڑھو۔ یہاں تک کہ دعا پڑھتے پڑھتے اسی جگہ سو جاؤ انشاء اللہ کسی نہ کسی طریق پر اسی رات تمہیں کام کے متعلق معلوم ہو جائے گا۔ دعا یہ ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَغْفِرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ (یہاں تک بذالامر کی جگہ اپنے کام کا نام لینا چاہیئے۔

خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَمَعَادِیْ وَمَعَاقِبَةِ الْاَمْرِیْ عَاجِلِهٖ فَقَدِّرْهُ لِیْ وَیَسِّرْهُ لِیْ بَارِكْ لِیْ فِیْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ (یہاں تک پھر هٰذَا الْاَمْرِ کی جگہ کام کا نام لینا چاہیئے)

خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَمَعَادِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ عَاجِلِهٖ وَاٰجِلِهٖ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدُرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِهٖ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ط

۴۔ سب سے زیادہ بہتر اور ہمیشہ کے لئے کارآمد اور سہل استخارہ کی نرالی ترکیب یہ ہے۔ کہ اول ذیل کے نقش کشف الاسرار کی زکوٰۃ ادا کریں۔ بعد جس کام کے متعلق نیک یا بد معلوم کرنا ہو یا اسے سرانجام دینے کی ترکیب معلوم کرنا مقصود ہو تو تعویذ مکرم کو لکھ کر اپنے سرہانے کے نیچے رکھ کر رات کو سو جائے۔ انشاء اللہ خواب میں سب سے حال منکشف ہو جائے گا۔ بارہا کارآزمودہ اور مجرب و سریع التاثیر ہے۔ ہمیشہ تیر بہدف ثابت ہوا ہے۔ انشاء اللہ تمام حاجات اور مشکلات کے لئے بھی مفید اور سریع التاثیر ہے۔

اس نقش کی پہلے زکوٰۃ ادا کرو اور وہ یوں ہے۔ کہ پر ہیز جلالی و جمالی کے ساتھ ایک دن یا جتنے دنوں میں چاہو۔ عروج ماہ میں سوا لاکھ مرتبہ اس تعویذ کو لکھو اور آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دو جب سوا لاکھ کی تعداد پوری ہو جائے گی تو تم عامل ہو جاؤ گے خواہ سوا لاکھ کی تعداد پوری کر کے ایک دن دریا میں ڈال دو خواہ جتنے روزانہ لکھے ہوں۔ دریا میں ڈالتے رہو۔ خواہ دوسرے چوتھے روز دریا میں ڈال دیا کرو۔ یہ عامل کی اپنی مرضی ہے۔ زکوٰۃ کے بعد لکھ اس کو اپنے سرہانے رکھو تمام حالات معلوم ہو جائیں گے۔ زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد کم از کم روزانہ اکیس نقش لکھ لیا کرو۔ جب کبھی دریا کی طرف جانے کا موقعہ ملے تو لکھے ہوئے سب تعویذ اکٹھے کر کے گولی بنا کر دریا میں ڈال دو۔ اس طرح کرنے سے عمل قابو میں رہے گا۔

نقش مکرم یہ ہے

۱۶	۱۹	۲۲	۹
۲۱	۱۰	۱۵	۲۰
۱۱	اس خانے میں ۲۴ سوال لکھو	۱۷	۱۴
۱۸	۱۳	۱۲	۲۲

Scanned by CamScanner

کشائش رزق کے اعمال

۱:- قمری مہینے کی ساتویں تاریخ کو علی الصبح بیدار ہو کر غسل کرے بعدہ اڑہائی پاؤ جو کا آٹا لے کر اور اس کی دو روٹیاں پکاوے۔ لیکن با وضو ہو۔ اس کے بعد روٹیوں کو میٹھے تیل سے چپڑ کر ایک پر کھانڈ رکھے اور دوسری پر بکری کے دودھ یا دہی میں نمک اور سرخ مرچ ڈال کر رکھ دے دونوں روٹیوں کو مصلے کے اوپر رکھ کر صبح کی نماز ادا کرے۔ بعد ازاں آفتاب نکلنے سے پہلے ذیل کا نقش سات بار لکھیں اور روٹیوں اور نقش کو اسی جگہ مصلے پر احتیاط کے ساتھ رکھا رہنے دیں اور خود دیگر اپنے دنیاوی کاروبار میں مصروف ہو جائے جب ظہر کا وقت ہو تو نماز ظہر ادا کر کے درود شریف پڑھ کر روٹیوں اور نقشوں کو اٹھا کر دریا یا نہر میں جا کر پھینک دے۔ صرف جاتی دفعہ کسی سے کلام کرنا منع ہے۔ البتہ دل ہی دل میں درود شریف پڑھتا رہے اللہ کے فضل سے رزق میں کشائش ہو گی۔ اور محتاجی دور ہو جائے گی۔ یہ عمل اکیس ۲۱ دن کرنا چاہیئے

۷۸۶

۶	۷	۲
۱	۵	۹
۸	۳	۴

نقش معظم یہ ہے

۲:- فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ۝ آیت مذکورہ بالا ایک ایسی نعمت ہے جس کا کوئی حد و حساب نہیں توجہ یا غیر توجہ کے ساتھ جس طرح بھی چاہے پڑھے۔ ساتویں دن اس کا اثر ظاہر ہونا ہو جاتا ہے جتنی مرتبہ پڑھا جا سکے پڑھو اور ہمیشہ پڑھتے رہو۔ پھر قدرت

Scanned by CamScanner

خدا کا تماشہ دیکھو۔ کہ دین اور دنیا کے کام کسطرح سدھرتے جاتے ہیں دوسرے اعمال میں یکسوئی قلب اور پوری توجہ کی ضرورت ہے۔ لیکن یہ آیت شریف ان سب باتوں سے بے نیاز ہے۔ کسی طرح پڑھو اثر ضرور ہوگا۔ بلکہ اگر ہر وقت اٹھتے بیٹھتے سوتے جاگتے اس کا ورد رکھا جائے تو انسان تمام تفکرات سے بے نیاز ہو جاتا ہے مجرب المجرب ہے۔ اور شک کرنے والا کافر۔

اس آیت شریف میں ایک خاص تاثیر ہے۔ ذرا پڑھ کر تو دیکھو۔ کوئی چلہ نہیں۔ کوئی پابندی نہیں خدا کی قسم وہ شخص سخت بد قسمت ہے۔ جو اس آیت شریف کے آزاد ورد سے محروم ہے درمیان میں کسی کسی وقت کوئی درود شریف بھی جتنی مرتبہ دل چاہے پڑھتے رہو۔ اگر اس کے ساتھ اس سے پہلے کی آیت وَلَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِنْ أَنْفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِينَ رَءُوفٌ رَحِيمٌ بھی ملا لی جائے۔ تو مزید فوائد ظہور میں آئیں گے۔ انشاء اللہ تعالےٰ۔

۳:۔ سال بسال ربیع الاول کے مہینے کی ہر جمعرات کو ذیل کا عمل کر لیا جائے تو انشاء اللہ سال بھر اس کی روزی میں برکت رہے گی۔ اور تنگدستی کافور ہو جائے گی۔

عمل یہ ہے۔ گلاب کا ایک تازہ شگفتہ پھول لے کر اول تین مرتبہ درود شریف پڑھے۔ پھر اکیس مرتبہ اَللّٰہُ نَاصِرِیْ۔ اللّٰہُ حَافِظٌ اکیس مرتبہ اور اَللّٰہُ الْمُتَعَالُ سو مرتبہ درود شریف تین مرتبہ پڑھ کر پھول پر دم کرے اور ہر وقت اس کو سونگھتا رہے۔ جب پھول سوکھ جائے تو کھالے۔

۴:۔ بعد نماز صبح بلا ناغہ سو مرتبہ آلم اللّٰہ الْمُتَعَالُ پڑھ لیا کرے انشاء اللہ

رزق میں برکت ہوگی قرض ادا ہو جائے گا۔ مداومت شرط ہے۔

۷۹۶

۷۹۵	۵	۳۹	۶۶۳
۳۷	۶۷	۸۹	۶۵
۳۸	۱۴۵	۳	۸۸
۴۵	۸۷	۶۹	۴۵

علاوہ ازیں ذیل کا نقش مبارک لکھکر ہمیشہ پاس رکھے اور ایک نقش لکھکر اپنے مال و اسباب میں رکھ دے۔ برکت حاصل ہوتی رہے گی۔

نقش مکرم یہ ہے

۵۔ اگر کوئی شخص ہر روز کم از کم ایک سو مرتبہ اول و آخر چند بار درود شریف کے ساتھ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ پڑھ لیا کرے گا۔ وہ ہمیشہ دولتمند رہے گا۔ اور کبھی محتاجی کا منہ نہ دیکھیگا

۶:۔ اول ترک حیوانات جلالی و جمالی کرے۔ بعد ازاں تین روزے رکھے اس کے بعد علاج ماہ میں اتوار کے روز سے شروع کرے۔ تہجد کی نماز کے بعد باوضو بیٹھ جائے اور ایک مرتبہ کوئی درود شریف پڑھ کر پانچہزار دو سو چوراسی مرتبہ "یَا بَاسِطُ" کا ورد کرے پھر ایک سو ایک مرتبہ درود شریف پڑھ کر صبح کی نماز ادا کرے۔ اور قلم دوات پاکیزہ سے ذیل کا نقش ۷۲ مرتبہ پر کرے اور آٹے میں گولیاں بنا کر اسیوقت جاکر دریا میں ڈال دے۔ دریا کی طرف جاتے ہوئے کسی سے کلام نہ کریں نقش ڈالکر جب واپس آئیں تو پیچھے مڑکر نہ دیکھیں اکتالیس ۴۱ دن کے بعد اس کا عمل پورا ہو جائیگا دوران عمل میں صرف جو یا گندم کی روٹی بے نمک کھائیں اور پکانے میں بھی اپنے ہاتھ سے انشاء اللہ بعد گزرنے اکتالیس ۴۱ دن کے روز ہی میں برکت ہوگی۔ اور دست غیب حاصل ہوگا خواہ کسی طرح ہو بارہ روپے روز اسے مل جایا کرینگے لیکن سب کے سب روز

خرچ کر دیا کرے اور کسی کو راز نہ بتائیں۔ اکتالیس ۴۱ دن کے بعد صرف گیارہ مرتبہ نقش ذیل بطور عمل قابو میں رکھنے کے لکھتا رہے۔ اور کسی فرصت کے وقت دوسرے چوتھے دن جا کر دریا میں ڈال دیا کرے اور بہتر مرتبہ روزانہ اسم "یا باسط" کا ورد رکھا کرے۔

نقش مکرم یہ ہے۔

الحب یا رفیق یا مجیب یا باسط

۱۸	۴۸	۶
۱۲	۲۴	۳۶
۴۲	۱۰۰	۳۰

دست غیب یا گشائش رزق یا ادائے قرض جو چاہے لکھے۔ . . . . . .

۷:- ذیل کا نقش مکرم جو نہایت پر تاثیر اور مجرب ہے ہر وقت اپنے پاس رکھے ہر طرح سے مفید ہے نجاست کے وقت علیحدہ کر دے انشاء اللہ رزق میں وسعت ہو گی۔

۷۸۶

بجاہ حبیبک یا اللہ

۷۸۳	۷۷۸	۷۸۵
۷۸۴	۷۸۲	۷۸۰
۷۷۹	۷۸۶	۷۸۱

نقش مکرم یہ ہے۔ . . . . . .

۸:- اگر کاروبار یا دوکان کی خسارہ بازی ہو تو ذیل کا نقش تیر بہدف ثابت ہو گا حسب قاعدہ وقت مقررہ پر پڑھ کر کے دوکان میں یا مال تجارت میں رکھدیں اور قدرت خدا کا تماشہ دیکھیں قمر زائد النور کی حالت میں جبکہ قمر برج شرف میں ہو ساعت زہرہ و مشتری میں اتوار یا سوموار کے دن نقش مکرم کو پاک صاف ہو کر لکھیں قبل از لکھنے تعویذ مکرم کے ایک سو ایک مرتبہ درود شریف پڑھیں اور لکھ چکنے کے بعد بھی پڑھ کر دم کریں اور مال تجارت میں رکھ دیں انشاء اللہ برکت ہو گی اور ترقی حاصل ہو گی

۷۸۶

نقش یہ ہے

۱۲۷	۱۳۰	۱۳۴	۱۲۰
۱۳۳	۱۲۱	۱۲۶	۱۳۱
۱۲۲	۱۳۶	۱۲۸	۱۲۵
۱۲۹	۱۲۴	۱۲۳	۱۳۵

Scanned by CamScanner

۹:- قمر النور مشتری کی ساعت میں بروز پنجشنبہ نقش ذیل کو مشک و زعفران سے باطہارت لکھے لکھتے وقت روپیہ منہ میں ڈال رکھے نقش مذکورہ کو احتیاط کے ساتھ خوشبو لگا کر روپے کی صندوقچی میں رکھے انشاء اللہ اس نقش مکرم کی برکت سے صندوقچی خالی نہ رہے گی۔ اگر جیب میں رکھے جیب بھری رہے غلہ میں رکھے تو برکت ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۹	ع ع	۱۳	ع	۶	۱۶	
۱۱	۱	۸	ع ه	۶		
ع ه ۱	ع	اللہ	۳	ا ع ه		

۱۰:- دیگر مندرجہ بالا مقصود کے لئے مجرب اور سریع التاثیر ہے اسیطرح عمل کرے۔ یہ دونوں نقش لکھے جائیں۔ نقش مکرم یہ ہیں۔

۷۸۶

ل	ط	ی	ف
ف	ی	ط	ل
ط	ل	ف	ی
ی	ف	ل	ط

ف	ت	ا	ح
ح	ا	نقطہ بالطیف یا فتاح	ف
ت	ف	ح روزی من از غیب رساں	ا
ا	ح	ف	ت

۱۱:- "اسم اللہ الصمد" کو بیس روز تک بخیال ادائے زکوٰۃ مکان خلوت میں کمال طہارت کے ساتھ ایک خاص مکان اور خاص لباس کے ساتھ پڑھے اول و آخر درود شریف ایک ایک تسبیح درمیان میں چھ ہزار تین سو مرتبہ روزانہ اللہ الصمد عامل ہو جائے گا۔ اس کے بعد روزانہ ایک سو اکسٹھ مرتبہ تلاوت کر لیا کرے۔ انشاء اللہ العزیز جس کی طرف نظر کرے گا۔ مطیع ہو گا۔ اور جو کچھ چاہے گا قبول کریگا۔

Scanned by CamScanner

۲:- زکوٰۃ کے بعد جیسے کہ عمل ۱ میں بتائی گئی ہے اگر کوئی شخص مکرم کو لکھ کر اپنی ران پر باندھے گا تو لمحوں میں ہزاروں کوس کا فاصلہ طے کرے گا - اور تھکاوٹ محسوس نہ ہوگی - مجرد براس کے لئے مسخر ہوں گے - زمین اور سمندروں سے حسب مرضی کام لے گا -

نقش مکرم یہ ہے ۔ ۔ ۔ ۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۸	۱
۱۹	۲	۷	۱۳
۳	۱۲	۹	۶
۱۰	۵	۴	مطلب

ذیل کا نقش کامل طہارت کے ساتھ ساعت سعید میں لکھ کر لوبان کی دھونی دے کر بازو میں باندھے - یہ تسخیر حاصل ہوگی اور تمام مخلوقات عزت اور وقعت کی نظروں سے دیکھے گی -

نقش یہ ہے -

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

یاجبرائیل علیہ السلام

۲۶۹۸	۲۶۹۱	۲۶۹۷	یاحنان
۲۶۹۳	۲۶۹۵	۲۶۹۷	یامنان
۲۶۹۴	۲۶۹۹	۲۶۹۲	یادیان
ملیقاً	طلیقاً	علیقاً	یابرھان

یامیکائیل علیہ السلام

یاعزرائیل علیہ السلام

یااسرافیل علیہ السلام

۷۸۶

۴۰۳	۴۰۸	۴۱۱	۳۹۶
۴۱۰	۳۹۷	۴۰۲	۴۰۹
۳۹۸	۴۱۳	۹۰۶	۴۰۱
۴۰۷	۴۰۰	۳۹۹	۴۱۲

یہ نقش لکھ کر پاس رکھیں تسخیر حاصل ہوگی -

نقش یہ ہے ۔ ۔ ۔ ۔

Scanned by CamScanner

تسخیر مخلوقات:۔ کے لئے ذیل کا نقش مخمس بھی بے نظیر اور مجرب ہے اس نقش کو ساعت زہرہ میں جبکہ زہر بحالت شرف ہو تانبے کی تختی پر کندا کرا کے اپنے پاس رکھیں، قوت تسخیر حاصل ہو گی۔ مناسب ہے کہ لکھتے وقت بخورات کام میں لائیں تختی کے ایک طرف کندہ کریں اور تختی کے دوسری طرف لکھیں یاخوطائیل۔ یاموکائیل

۱۸۵	۱۹۲	۱۹۸	۲۰۴	۱۷۹
۱۹۹	۲۰۰	۱۸۰	۱۸۶	۱۹۳
۱۸۱	۱۸۷	۱۹۴	۱۹۵	۲۰۱
۱۹۰	۱۹۶	۲۰۲	۱۸۲	۱۸۸
۲۰۳	۱۸۳	۱۸۲	۱۹۱	۱۹۷

نقش یہ ہے . . .

ذیل کا نقش ہر حاجت کے لئے اکسیر اور پر تاثیر ہے اعتقاد شرط ہے نقش مکرم یہ ہے اس کو لکھکر نہائیت احتیاط کے ساتھ ہر وقت اپنے پاس رکھے انشاء اللہ ہر حاجت پوری ہو گی اور عامل کو تھوڑے دنوں کے بعد اس کی قدر و قیمت معلوم ہو جائے گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ط حق حق حق موجود

کشتگان	خنجر	تسلیم را	ہر زمان
خنجر	تسلیم را	ہر زمان	از غیب
تسلیم را	ہر زمان	از غیب	جان
ہر زمان	از غیب	جان	دیگر است

حق ھا ھا ھو ھو حی حی

سخت مشکل یا حاجت کی صورت میں ذیل کا آسان عمل نہائیت بابرکت اور تیر بہدف ہے۔ ترکیب یہ ہے۔ عروج ماہ میں ہفتہ کے دن شروع کریں اور وظیفہ شروع کرنے سے پیشتر جتنی دفعہ ہو سکے اول درود شریف پھر استغفار اور پھر درود شریف پڑھ لیں اسیطرح بعد ختم وظیفہ کے بھی جتنی دفعہ ہو سکے درود شریف انشاء اللہ عمل ختم ہونے تک یعنی ہفتہ کے اندر اندر ہی اس کی حاجت پوری ہو گی۔ اس ترکیب سے پڑھے اور وظیفہ فرض نماز ادا کرنے کے بعد پڑھنا چاہئے۔ اور سنت اور نوافل بعد وظیفہ ادا کرے:۔

نقش صفحہ ۲۳ پر ہے۔

Scanned by CamScanner

تمام کون	نماز فجر	نماز ظہر	نماز عصر	نماز مغرب	نماز عشاء
اتوار	یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ ۱۰۰۰ مرتبہ	یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ ۱۰۰۰ مرتبہ	لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَلْعَزِیْزُ الْجَلِیْلُ یَا عَزِیْزُ یَا جَلِیْلُ ۱۰۰ مرتبہ	لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَلْمَلِکُ الْحَکَمُ الْعَدْلُ ۱۱۰ مرتبہ	اَلَا اِلَی اللّٰہِ تَصِیْرُ الْاُمُوْرُ ۱۰۰۱ مرتبہ
سوموار	یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ ۱۰۰۰ مرتبہ	درود شریف ۱۰۰۰ مرتبہ	درود شریف ۱۰۰ مرتبہ	لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَلْوَاسِعُ الْوَدُوْدُ ۱۲۰ مرتبہ	وَاللّٰہُ غَالِبٌ عَلٰی اَمْرِہٖ ۱۰۰۰ مرتبہ
منگلوار	یَا مَالِکَ یَوْمِ الدِّیْنِ ۱۰۰۰ مرتبہ	لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۱۰۰۰ مرتبہ	لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ خَالِقًا مُخْلِصًا ۱۰۰ مرتبہ	لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَلْوَاحِدُ الْاَحَدُ ۱۳۰ مرتبہ	وَاللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ ۱۰۰۱ مرتبہ
بدھوار	یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ ۱۰۰۰ مرتبہ	استغفار ۱۰۰۰ مرتبہ	لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۱۰۰ مرتبہ	لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَلْمَلِکُ الصَّمَدُ الْاَوَّلُ ۱۴۰ مرتبہ	لَا یُحِبُّ فِیْھَا یَلُوْ قُتُمَا اِلَّا ھُوَ ۱۰۰ مرتبہ
جمعرات	یَا کَبِیْرُ یَا مُتَعَالُ ۱۰۰۰ مرتبہ	کلمہ توحید یا کلمہ شہادت ۱۰۰۰ مرتبہ	کلمہ تمجید ۱۰۰ مرتبہ	لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَلْمَلِکُ الْمَالِکُ ۱۵۰ مرتبہ	اِنَّمَا اَشْکُوْ بَثِّیْ وَحُزْنِیْ اِلَی اللّٰہِ ۱۰۰۱ مرتبہ
جمعہ	یَا کَافِیُ یَا غَنِیُّ ۱۰۰۰ مرتبہ	کلمہ تمجید ۱۰۰۰ مرتبہ	لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۱۰۰ مرتبہ	کلمہ طیب ۱۶۰ مرتبہ	وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ ۱۰۰۱ مرتبہ
ہفتہ	یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ ۱۰۰۰ مرتبہ	کلمہ طیب ۱۰۰۰ مرتبہ	لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ ۱۰۰ مرتبہ	لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُصَوِّرُ ۱۰۰ مرتبہ	لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۱۰۰۱ مرتبہ

Scanned by CamScanner

صلوٰۃ الخفر:- بہت مشہور اور مجرب عمل ہے جو قضائے حاجات اور مہمات کے حل کے لئے اکسیر ہے ترکیب یوں ہے۔

کسی تنہائی اور خاموشی کے وقت اول دو رکعت نماز نفل یہ نیت حاجت یا مشکل پڑھے پہلی رکعت میں الحمد کے بعد قُلْ یٰاَیُّھَا الْکَافِرُوْنَ ط دس مرتبہ پڑھے۔ دوسری رکعت میں فاتحہ کے بعد دس مرتبہ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ پڑھے بعد اس کے گیارہ بار درود شریف پڑھ کر سجدے میں سر رکھے اور دس بار یہ دعا پڑھے سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ ط دس بار پھر دس مرتبہ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ط۔ کہے اس کے بعد درود شریف پڑھ کر اپنی حاجت اللہ تعالےٰ سے طلب کرے انشاء اللہ چند دن ایسا کرنے سے اس کی حاجت پوری ہو گی مجرب ہے۔

اول ان چاروں نقشوں کی زکوٰۃ بطریق ذیل ادا کرے بعد ازاں جس کام کا مسئلہ یا حاجت کے لئے ان کو لکھے گا۔ انشاء اللہ کامیابی حاصل کرے گا۔ اور تیر بہدف پائیگا انکی زکوٰۃ ادا کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ چونتیس ۳۴ دن عامل گوشہ نشینی اختیار کرے اور ترک حیوانات جلالی و جمالی کرے ان نقشوں کی روزانہ چونتیس ۳۴ چونتیس ۳۴ بار لکھکر آٹے میں گولی بنا کر ہر روز دریا میں ڈال دیا کرے چونتیس دن تک برابر بلا ناغہ ہر ایک نقش ۳۴ دفعہ لکھکر ایک قسم کے نقش کی ایک ایک گولی بنا کر کل چار گولیاں بنائے اور آٹے میں ملا کر دریا میں روزانہ ڈالے چونتیس دن کے بعد زکوٰۃ پوری ہو جائے گی اور عمل قابو میں آجائے گا بعد ازاں اپنے کام میں لائیں اور دیکھیں کہ نقش کس قدر پر تاثیر ہے۔ نقش یہ ہیں:

۷۸۶

۱۵	۷	۱۲
۹	۱۱	۲
۱۰	۱۶	۸

۷۸۶

۲	۱۴	۸
۷	۱۱	۱۶
۱۵	۹	۱۰

۷۸۶

۸	۱۶	۱۰
۴	۱۱	۹
۱۲	۷	۱۵

۷۸۶

۱۲	۱۴	۸
۷	۱۱	۱۶
۱۵	۹	۱۰

Scanned by CamScanner

ذیل کا نقش مکرم نہایت مفید اور مجرب ہے اس کی زکوٰۃ کا طریق یہ ہے۔ کہ عروج ماہ میں کسی ساعت سعید میں اس نقش کو لکھنا شروع کریں روزانہ چالیس مرتبہ لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر روز دریا میں ڈال دے چالیس دن بعد زکوٰۃ پوری ہو جائے گی۔ پھر اپنے کام میں لائیں جس مطلب کے لئے لکھے گا انشاءاللہ مطلب حل ہو گا۔ زکوٰۃ کے بعد اس نقش کو ہرن کی جھلی پر لکھ کر اپنے پاس بھی رکھ لیں۔ نقش مکرم یہ ہے

۷۸۶

سلام ۱۹۷	قولا ۲۰۱	من رب ۲۰۷	الرحیم ۲۰۴	قولا ۲۰۸	من رب ۲۰۳	الرحیم ۱۶۸	سلام ۲۰۹
من رب ۲۰۲	الرحیم ۲۰۵	سلام ۲۱۲	قولا ۱۹۹	الرحیم ۲۱۱	سلام ۲۰۰	قولا ۲۰۱	من رب ۲۰۲

عروج ماہ میں اس تعویذ کو اکیس دن تک اکیس مرتبہ روزانہ لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالے زکوٰۃ پوری ہو جائے گی پھر جس کام کے لئے چاہے لکھے مجرب ہے۔

۷۸۶

۲۴	۲۳	۲۸
۲۹	۲۵	۲۱
۲۲	۲۷	۲۶

تعویذ مکرم یہ ہے

آدھی رات کے وقت تنہائی کے مکان میں جہاں کسی آدمی یا کسی اور کوئی قسم کی آواز سنائی نہ دیتی ہو۔ باوضو بیٹھ کر اول دو رکعت نماز ادا کرے پھر ایک سو ستر مرتبہ آیۃ الکرسی کی تلاوت کرے۔ اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر سنگے سر سجدے میں جائے۔ اور عاجزی کے ساتھ درگاہ الٰہی میں دعا کرے۔ انشاءاللہ کیسی ہی سخت مشکل کیوں نہ ہو گی۔ حل ہو جائے گی۔ بعض اعمال میں ایک سو ستر کی بجائے تین سو تیرہ تیرہ مرتبہ پڑھنے کی ہدایت ہے۔ تین سو تیرہ کی تعداد میں ایک راز ہے اصحاب بدر اور اصحاب حالوت کی تعداد بھی تین سو تیرہ تھی۔

Scanned by CamScanner

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ ط قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ اَحَدٍ اِلَّا تَسَلَّطَ عَلٰی اَحَدٍ وَّغَنِیْ وَیَارَبِّ کُلُّ اَحَدٍ بِفَضْلِیْ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ اَللّٰہُ الصَّمَدُ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ اِلٰھِیْ یَا مَنْ ھُوَ قَدِیْمٌ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا اَوَّلُ یَا اٰخِرُ اُغْفِرْ لِیْ حَیَّتِیْ یَا لَوْحُ یَا صَمَدُ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ ط اول و آخر چند مرتبہ درود شریف کے ساتھ یہ دعا صبح و شام تین تین مرتبہ کچھ دنوں تک پڑھنے سے تمام مشکلات حل ہوں گی۔

اس نقش کو لکھکر خوشبو لگائے۔ اور ٹوپی یا پگڑی میں رکھے اور خدا کی قدرت دیکھئے سب مشکلات حل ہونگی۔

۷۸۶

۸	۲	۱۰
۹	۷	۴
۳	۱۱	۶

نقش یہ ہے

۷۸۶

۵۳۹۱۳	۵۳۹۱۶	۵۳۹۱۹	۵۳۹۱۵
۵۳۹۱۸	۵۳۹۰۶	۵۳۹۱۲	۵۳۹۱۷
۵۳۹۰۷	۵۳۹۲۱	۵۳۹۱۴	۵۳۹۱۱
۵۳۹۱۵	۵۳۹۱۰	۵۳۹۰۸	۵۳۹۲۰

یہ نقش ساعت سعید میں پر کرکے اپنے پاس رکھیں۔ نہایت مجرب اور آزمودہ ہے انشاءاللہ ہر مشکل حل ہوگی۔

نقش مکرم یہ ہے۔۔۔۔۔۔

ذیل کا نقش بھی پرتاثیر ہے
اور اس کو پاس رکھنے والی
ہر قسم کی مشکلات پر غالب
آتا ہے۔

۷۸۶

۳۳۵	۳۳۰	۳۳۷
۳۳۶	۳۳۴	۳۳۲
۳۳۱	۳۳۸	۳۳۳

نقش یہ ہے۔

وَقَائِلُنَا بَعْدَ ثَلَاثِ جُمَلٍ ۔۔۔ بِکُلِّ بَلَاءٍ دَاخِلُ الْجِسْمِ اَسْقَمْتُ

اس شعر کا مطلب یہ ہے یعنے جس وقت انسان کسی اندرونی مرض میں مثلاً قولنج وضعف جگر وضعف قلب وغیرہ میں مبتلا ہو اور حکماء اس کے علاج سے عاجز ہو گئے ہوں تب ان تین عصلی اور خاتم کو اس طرح لکھے ۱۱۱ مکرر سات بارہ چینی کے برتن میں اور رات کو ستاروں کے سایہ میں رکھ کر صبح کو مریض کو پلایا جائے۔

یہ شعر مُعَجِّلُ اَلْوَاعِ اَلْعَذَابِ جَمِیْعَۃً ما یعنے جب مجھ پر کوئی ظلم کرے اور اس سے بدلہ لینے پر قادر نہ ہو پس ایک تمثال بنا اور اس کا نام معہ اس کی ماں کے لکھکر اس تمثال کے ہر عضو پر تین عصاء اور خاتم اسنان بنا کر ایک لکڑی کا تابوت بنا جیسے مردہ کا ہوتا ہے اور اس تمثال کو اس کے اندر رکھکر دفن کر دے ایسی جگہ کہ آگ قریب ہو پس جوں جوں تمثال موم پگلے گی اس شخص پر شدت عظیم نازل ہوگی اور جسم اس کا مضمحل ہو جائے گا۔

یہ شعر وَرُبَّمَا لَمْ تَجْرِ یْ دَمْ کُلَّ اَمْرِءٍ طَفَا ط یعنے ایک سنی ٹھیکری پر جس کا نام منظور ہو معہ اس کی ماں کے نام کے لکھے جس دن کہ تیزین ایک درجہ کہ مجتمع ہوں۔ پس اس کے افتراق سے پہلے میم اور تینوں عصاء معہ سنان اور خاتم مقلوب کے لکھے اور کسی بند پانی میں مثلاً کنوئیں وغیرہ میں

ڈال دیں - اسی وقت سے معمول کا خون جاری ہو گا اور تھوڑے عرصہ میں ہلاک ہو جائیگا۔

اسم اعظم کے بیان میں

حضرت ممتاز دنیوری فرماتے ہیں۔ کہ ایک شخص شام کے وقت ایک گاؤں میں داخل ہوا اور گاؤں والوں سے کہا کہ تم میں سے کوئی ایسا شخص ہے جو رات کو مجھے اپنے گھر میں مہمان رکھے اور اس کا اجر خدا پر ہے گاؤں والوں سے کوئی اس کی طرف متوجہ نہ ہوا۔ یہ شخص کھڑا ہوا تھا کہ ایک اندھا آدمی آیا اور اس نے اس شخص کی آواز سنی جو کہہ رہا تھا۔ کہ کون شخص ہے جو صبح تک مجھے مہمان رکھے اس اندھے نے کہا کہ میں ہوں۔ پھر اس کا ہاتھ پکڑ کر وہ اندھا اپنے گھر لے گیا۔ اور بہت اچھی طرح سے مہمانی کی۔ رات کو یہ اندھا قضاے حاجت کو اٹھا۔ تو اس نے سنا کہ وہی مہمان بار بار یہ دعا پڑھ رہا ہے۔ اندھے کے دل میں خدا کی طرف سے یہ بات پیدا ہوئی۔ کہ تو بھی اس دعا کو یاد کر لے چنانچہ اس نے یاد کر لی۔ اور وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھی پھر اس دعا کو پڑھتا رہا۔ صبح نہ ہونے پائی تھی کہ اس کی آنکھیں روشن ہو گئیں پھر اس نے اس فقیر کو ہر چند تلاش کیا۔ کہیں اس کا پتہ نہ ملا۔ معلوم ہوا کہ وہ ولی اللہ تھے اس کو دعا نابینا بھی کہتے ہیں۔ یعنی ایک نابینے کے پڑھی تھی۔ اور خدا تعالےٰ نے اس کو روشنی بخشی وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ رَبَّ الْاَرْوَاحِ الْغَائِبَۃِ وَالْاَجْسَادِ الْبَالِیَۃِ اَسْئَلُکَ بِطَاعَۃِ الْاَرْوَاحِ الرَّاجِعَۃِ اِلٰی اَجْسَادِھَا الْمُسْلِمَۃِ بِعُرُوْقِھَا وَبِطَاعَۃِ الْقُبُوْرِ الْمُفْتَقَۃِ عَنْ اَھْلِھَا وَدَعْوَاتِکَ الصَّادِقَۃِ فِیْھِمْ وَاَخْذِکَ الْحَقَّ مِنْھُمْ وَ قِیَامِ الْخَلْقِ کُلِّھِمْ لِمُخَافَتِکَ وَشِدَّۃِ سُلْطَانِکَ یَنْظُرُوْنَ قَضَائَکَ

وَبِيَ اَعُوْذُ عَذَابَكَ اَسْئَلُكَ اَنْ تَجْعَلَ النُّوْرَ فِيْ بَصَرِيْ وَالْاِخْلَاصَ فِيْ عَمَلِيْ وَالشُّكْرَ فِيْ قَلْبِيْ وَذِكْرَكَ فِيْ لِسَانِيْ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ مَا اَبْقَيْتَنِيْ يَا اَللّٰهُ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ط وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ط وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا ۔ اٰمِيْن ۔

اسم اعظم کے متعلق کہا گیا ہے کہ جو اسم اعظم کا ارادہ کرے اس کو چاہیئے۔ کہ شروع حدید سے صدورتک اور لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ سے لے کر سورہ حشر تک پڑھ کر یہ کہے کہ "اے اللہ تو ایسا اور ایسا ہے اور تیرے سوا کون ایسا اور ایسا ہے کہ فلاں کام کر دے" بعض کہتے ہیں کہ اگر سچے دل سے مردہ پر یہ دعا کرے گا تو زندہ ہو جائے گا۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْمَخْزُوْنِ تسمکون الطاهر المقدس الحي القيوم ط الرحمن الرحيم ذو الجلال والاكرام ان تصلي على سيدنا محمد وان تفعلوا في ماهو كذا وكذا برحمتك يا ارحم الراحمين ط

اور دشمن کے سامنے یہ دعا پڑھنے سے دشمن مغلوب ہوتا ہے دعا یہ ہے۔ تَعَزَّزْتُ بِعِزَّةِ الْعِزَّةِ وَالْجَبَرُوْتِ وَتَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ شَاهَتِ الْوُجُوْهُ وَعَمِيَتِ الْاَبْصَارُ وَلَوْ كُلْتُ عَلَى اللّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ط اس کو پڑھ کر تین بار دور سے اس کے منہ کے سامنے پھونک مارے پھر اس کے آگے جائے۔ تو وہ مغلوب ہو جائے گا ؛

ایک دفعہ سعید بن طیب ایک جن سے ملے۔ جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ہاتھ پر ایمان لایا تھا۔ اس جن نے ان سے کہا میں تم کو ایک عجائب

بتلاتا ہوں۔ جو شخص اس کو اپنے پاس رکھے گا ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔ اور اگر جانور یا کسی چیز پر باندھ دے چوری اور ہر طرح کے نقصان سے محفوظ رہے۔ اگر مسافر سفر میں اس کو اپنے پاس رکھے تو کوئی برائی اس کو نہ پہنچے۔ سعید بن طیب نے کہا کہ ضرور بتاؤ جس نے کہا کہ قلم دوات لاؤ اور یہ اسماء جو میں پڑھتا ہوں لکھ لو۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط کُلُّ ذِیْ مُلْکٍ فَمَمْلُوْکٌ لِلّٰہِ وَکُلُّ ذِیْ قُوَّۃٍ لِلّٰہِ فَضَعِیْفٌ عِنْدَ اللّٰہِ وَکُلُّ جَبَّارٍ فَصَغِیْرٌ عِنْدَ اللّٰہِ وَکُلُّ ظَالِمٍ مُرْجِیْفٌ مِنَ اللّٰہِ حَسْبُ حَامِلِ کِتَابِیْ ھٰذَا بِحَسْبِہٖ مِنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ وَالشَّیَاطِیْنِ وَالْعَفَارِیْتِ الْمُتَمَرِّدِیْنَ خَاتَمُ سُلَیْمٰنَ بْنِ دَاوٗدَ عَلٰی اَنْوَاعِھِمْ وَعَصَا مُوْسٰی عَلٰی اَکْتَافِھِمْ وَخَیْرُ بْنُ اَعْیُنِکُمْ وَشَرُّ بْنُ اَرْجُلِکُمْ وَلَا غَالِبَ اِلَّا اللّٰہُ لَکُمْ وَحَامِلُ کِتَابِیْ ھٰذَا فِیْ مَرْضِ اللّٰہِ الْمَانِعِ الَّذِیْ لَا یَذِلُّ مَنِ اعْتَزَّ بِہٖ وَلَا یَنْکَشِفُ مَنِ اسْتَتَرَّ بِہٖ سُبْحَانَ مَنِ الْبَحْرُ بِکَلِمَتِہٖ سُبْحَانَ مَنْ اَطْفَاَ نَارَ اِبْرَاھِیْمَ بِقُدْرَتِہٖ وَحِکْمَتِہٖ سُبْحَانَ مَنْ تَوَاضَعَ مَا لَہٗ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ اَقْبَلُ وَلَا تَخَفْ اِنَّکَ مِنَ الْاٰمِنِیْنَ وَلَا تَخَافُ دَرَکًا وَلَا تَخْشٰی اِنَّکَ اَنْتَ الْاَعْلٰی لَا تَخَافُ اِنِّیْ حُکَمَاءُ سَمْعٌ وَاَرْعٰی اَللّٰھُمَّ احْفَظْ حَامِلَ کِتَابِیْ ھٰذَا اَوْ سَتِیْرَہٗ بِسِتْرِکَ الْوَافِیْ الْحَصِیْنِ فِیْ لَیْلِہٖ وَنَھَارِہٖ وَظَعْنِہٖ وَقَرَارِہٖ الَّذِیْ تَسْتُرُ بِہٖ اَوْلِیَاءَکَ الْمُتَّقِیْنَ مِنْ اَعْدَائِکَ الظَّلِمِیْنَ الْکَافِرِیْنَ اَللّٰھُمَّ مَنْ عَادَاہُ فَکِدْہُ وَمَنْ کَادَہٗ فَکِدْہُ وَمَنْ نَصَبَ لَہٗ فَخَاخَتَہٗ وَاَطْفِ عَنْہُ نَارَ مَنْ اَرَادَ بِہٖ عُدَاوَۃً وَشَرًّا وَفَرِّجْ عَنْہُ کُلَّ کُرْبَۃٍ وَھَمٍّ وَضِیْقٍ وَلَا تُحَمِّلْہُ مَالَا یُقْوٰی وَلَا یُطِیْقُ اِنَّکَ اَنْتَ الْحَقُّ الْحَقِیْقُ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

فوائد۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جب یہ آیت نازل ہوئی تو اہل آسمان از حد خوش ہوئے اور عرش عظیم ہلنے لگا اور بے انتہا

فرشتے جن کی گنتی خدا ہی کو معلوم ہے۔ اس کے ساتھ نازل ہوتے اور ملائکہ کا ایمان بڑھ گیا۔ اور افلاک نے حرکت کی اور اس کی عظمت کے آگے سلاطین ذلیل ہوئے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ آدم علیہ السلام کی پیشانی پر لکھی ہوئی تھی۔ جب ان کی پیدائش کے بھی پانچسو برس پہلے اور جبرائیل علیہ السلام کی پیشانی پر لکھی ہوئی تھی۔ اور جب وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے واسطے آگ گلزار بنانے آئے تھے اور آگ سے انہوں نے کہا بسم اللہ۔ اے آگ تو ابراہیم علیہ السلام پر ٹھنڈی اور سلامتی ہو۔ اور بسم اللہ ہی حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عصا پر سریانی زبان میں لکھی ہوئی تھی۔ کیونکہ اگر بسم اللہ نہ ہوتی تو دریائے نیل عصا مارنے سے نہ پھٹ جاتا۔ اور بسم اللہ ہی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زبان پر لکھی ہوئی تھی۔ جبکہ یہ انہوں نے پیدا ہوتے ہی کلام کیا اور مردہ پر پڑھتے تھے۔ تو زندہ ہو جاتا تھا۔ اور بسم اللہ ہی حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی پر لکھی ہوئی تھی۔ اور بسم اللہ کے ساتھ ہی مخصوص ہے کہ ہر صورت پر لکھی ہوئی ہے۔ اس کے خواص یہ ہیں۔ جو شخص اس کے عدد حروف کے موافق اس کو سات سو چھیاسی مرتبہ سات روز برابر پڑھے جو کچھ نیت رکھتا ہو۔ وہ پوری ہوگی بھلائی کے حاصل کرنے یا برائی کے دفعہ کرنے یا کسی تجارت کے چلنے وغیرہ کی اور جو شخص سوتے وقت اس کو اکیس بار پڑھے اس رات میں شیطان سے محفوظ رہے چوری اور ناگہانی موت اور ہر ایک بلا سے محفوظ رہے اور جب کسی ظالم کے سامنے پچاس مرتبہ بسم اللہ کو پڑھے اس ظالم کے دل میں اسکی ہیبت پیدا ہو اور اس کے شر سے محفوظ رہے اور اگر طلوع آفتاب کے وقت آفتاب کے مقابل ہو کر تین سو مرتبہ بسم اللہ اور اسی قدر درود

شریف پڑھے۔ خدا اس کو ایسی جگہ سے رزق دیگا جہاں سے اسکا گمان بھی نہ ہوگا۔ اور ایک سال گزرنے نہ پائے کہ امیر کبیر ہو جائے محبت کے واسطے جس شخص کو سات سو چھیاسی بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائے وہ دوست ہو جائے اور اسی پانی کو اگر کنند ذہن نہار منہ پیوے تو ذہن اس کا بہت تیز ہو جائے اور جو بات سنے اسے یاد ہو جائے اگر باران طلبی کی نیت سے اکسٹھ مرتبہ پڑھی جائے تو اللہ تعالےٰ بارش نازل کرے۔ جو شخص صبح کے وقت دل اور صبح نیت سے ڈھائی ہزار مرتبہ چالیس روز تک پڑھے۔ اللہ تعالےٰ اس پر عجائب اسرار منکشف کرے اور عالم میں جو کچھ بات ہونے والی ہو وہ اسے خواب میں پہلے ہی معلوم ہو جائے مگر اس کے واسطے ریاضت اور رازداری شرط ہے تاکہ کامیابی نصیب ہو۔ اگر کسی کو حاکم یا بادشاہ کے پاس جانا ہو تو جمعرات کو روزہ رکھ کر کھجور اور روغن زیتون سے افطار کرے۔ اور مغرب کی نماز کے بعد ایک سو اکیس ۱۲۱ مرتبہ کن کر بسم اللہ پڑھے اور پھر بے گنتی پڑھتا جائے۔ یہاں تک کہ اس کو نیند آ جائے پھر جمعہ کو صبح کے وقت اٹھ کر نماز کے بعد ایک سو اکیس مرتبہ پڑھے۔ اور مشک و زعفران و گلاب سے ایک کاغذ پر ایک سو اکیس مرتبہ لکھے اور عود اور عنبر کی خوشبو روشن کرے۔ پس قسم ہے خدا کی جو شخص اس کو اپنے پاس رکھے گا وہ لوگوں کی نگاہوں میں ایسا ہوگا جیسے چودھویں رات کا چاند ہر ایک اس کی عزت اور اشاعت کرے گا۔ اور اس کی ہیبت میں آ جائے گا۔ اور جس کی اس پر نگاہ پڑیگی وہی اس سے محبت کرے گا۔ اس کے لکھنے کی صورت یہ ہے۔

ب اس م ل ۷ ال رح م ن ال رح ی م :-

اور اگر تنگ معاش آدمی اس کو ایک سو اکیس بار ہرن کی جھلی پر مشک و

زعفران وگلاب سے لکھے اور قسط صبیہ سائلا لوبان جاوتری کی دھونی روشن
کرے تو اللہ تعالےٰ اسپر رزق کشادہ کرے۔ اگر قرضدار اس کو اپنے
پاس رکھے اللہ تعالےٰ اس کا قرض ادا کرے اور ہر ایک برائی سے محفوظ رہے
اور اگر اس کو شیشے کے گلاس میں بھگو کر آب زمزم یا کنوئیں کے میٹھے
پانی سے دھو کر جس مریض کو پلائیں اس کو شفا ہوگی۔ اور اگر عورت درد زہ
میں مبتلا ہو۔ اس کو پلائیں۔ فوراً بچہ پیدا ہو۔ اور اگر ایک کاغذ پر پینتیس ۳۵
مرتبہ لکھ کر گھر میں لٹکائیں تو شیطان کا گزر نہ ہو۔ اور برکت کی زیادتی ہو
اور اگر اس کاغذ کو دوکان پر لگائیں۔ تو نفع بہت ہو۔ اور اگر خریداروں کی
نگاہیں اندھی ہو جائیں گی اور جو شخص پہلی محرم کو ایک سو تینتیس ۱۳۳ مرتبہ لکھ کر اپنے
پاس رکھیں تمام عمر اس کو یا اس کے گھر میں کوئی برائی نہ پہنچے۔ اور جس عورت
کے بچے نہ جیتے ہوں یا اس کو حمل نہ رہتا ہو۔ تو لازم ہے کہ ایک سو دس
مرتبہ بسم اللہ لکھ کر حیض سے پاک ہونے کے تین بعد اس کی کمر کے
باندھے۔ اور صحبت کرے۔ حکم الٰہی سے ضرور حاملہ ہوگی۔ اور نیک
بخت صاحب عمر بچہ پیدا ہوگا۔ اور حمل کا کچھ دکھ درد اس کو معلوم نہ ہوگا
اور پھر دو مہینے کے بعد اس تعویذ کو کھول کر رکھ دیں۔ اور جس کی اولاد نہ جیتی
ہو وہ اس کو اکسٹھ مرتبہ لکھ کر اپنے پاس رکھے انشاء اللہ اولاد اس کی
زندہ رہے گی۔ اس کا تجربہ کیا اور درست پایا اور اگر اس کو ایک سو مرتبہ
لکھ کر کھیتی میں دفن کریں تو کھیتی خوب پھلے پھولے اور کل آفات سے
محفوظ رہے۔ اور اگر ستر مرتبہ لکھ کر مردہ کے ساتھ کفن میں رکھ دیں
تو منکر نکیر کی تکلیف سے محفوظ رہے۔ اور قیامت
میں اس کے لئے نور ہو۔ اور اگر سیسے پر لکھ کر کانٹی میں باندھیں
اور مچھلی کا شکار کریں۔ شکار بہت آئے۔ اگر ایک بار لکھ کر
انگوٹھی کے نگینے کے نیچے رکھ دیں اور پھر اس انگوٹھی کو دودھ میں

دہو کر جس زہریلے جانور نے کاٹا ہو اس کو پلائیں تو سب زہر خارج ہو جائے اور اگر اس کے حروف جدا جدا لکھ کر اپنے پاس رکھیں تو بڑی بزرگی نصیب ہو۔ کیونکہ ب سے بہاء اور س سے اس کی سناء اور م سے مجد اور ملکوت اور الف سے ازلیت اور ل سے لطف اور ہا سے ہدایت اور الف سے اصرار اور ل سے ملک اور ر سے رحمت اور ہ سے حکمت اور میم سے ملک اور ن سے نعمت مراد ہے۔ اگر بسم اللہ کی ب کو اکیس ۲۱ بار لکھ کر اس آیت کے حروف بڑھائے۔ اس طرح س ل ا م ع ل ی ن و ح ف ی ا ل ء ا ل م ی ن اور زہر جانور کے کاٹے ہوئے کو پلائیں فوراً اچھا ہو اور جو کوئی بسم اللہ کو لکھ کر ہر روز چالیس بار اس کے میم کو دیکھتا رہے۔ قُلِ اللّٰھُمَّ مَالِکَ الْمُلْکِ آخر تک پڑھتا جائے۔ اس کو تو خیال سے باہر اس کو خیر و برکت نصیب ہو۔ اور جو کچھ اس کے پاس ہو اس میں برتری ہو۔ اگر الرحمٰن الرحیم کو لکھ کر پچاس مرتبہ لکھ کر اور ڈیڑھ سو مرتبہ بسم اللہ اس پر دم کر کے اس کے پاس رکھیں اور بادشاہ یا کسی ظالم حاکم کے پاس جائے تو ان کے شر سے محفوظ رہے اور بسم اللہ کو ہر روز سچی نیت اور روزہ و ریاضت کے ساتھ چودہ روز تک ایک ہزار بار پڑھے اور ایک روایت میں ہے کہ ہر نماز کے بعد ایک ہزار بار پڑھے تو ملائکہ اس کو نظر آویں۔ اور ان سے گفتگو کریں اور جو کوئی اس کے حروف کو اس طرح لکھے م ی ح ا ل ر اور جس شخص سے کچھ حاجت ہو۔ اس کا نام اس کی ماں کا نام لکھے پھر اس کے پاس جائے اور جو کام ہو وہ پورا ہو جائے۔ اور جس کا غلام بھاگ گیا ہو وہ ا ل ح ر م ن کو سات مرتبہ بمعہ نام اس غلام کے لکھ کر اپنے گھر میں دفن کرے اور اوپر سے ایک پتھر رکھ دیں غلام آجائیگا اور یہ دعا بھی پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِحَقِّ اِسْمِکَ الرَّحْمٰنِ اَنْ تَصْنَعَ ھٰذَا الْعَبْدَ الْاٰبِقَ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ پھر وہ غلام کبھی نہ بھاگے گا اور جو شخص فولاد کی چھری پر جس کا دستہ بھی فولادی ہو بسم اللہ لکھیں اور تین سو اکتیس ۳۳۱ بار پڑھ کر

دم کرے اور پھر اس سے ایک مرغ ذبح کرے اور سر کاٹ کر مرغ کو چھوڑ دے
جب مرغ بے سر کا راستہ چلے اسوقت سر کو اٹھا کر حبس مکان کے دروازے میں
دفن کریگا۔ تمام حشرات اور حیات اس میں سے بھاگ جائیں گے اور اگر اس مرغ کے
دیگر:- ذیل کا نقش لکھکر اور چاول پکا کر اس میں رکھ دیں اور مشتبہ لوگوں کو کھانے کے لئے دیں۔ جو شخص چور ہوگا۔ اس کے حلق سے نوالا نہ اترے گا اور نہ کھا سکے گا۔

ط	۱۱۱	س	س
لا	ب	سمد	لاجها
حا	لواح	ظ	ح
		ح	نمیں

نقش یہ ہے۔

دیگر:- اگر اس نقش کی زکوٰۃ پہلے ادا کریں تو آئندہ کے لئے عمل قابو میں رہیگا اور فائدہ دے گا۔ نہ صرف چور کی شناخت اور متعلقہ حالات معلوم ہونگے بلکہ دنیا کے کاروبار میں بھی نفع و نقصان نیکی، و بدی قبل از وقت معلوم ہوجاتی ہے۔ زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے۔ کہ ترک حیوانات جلالی و جمالی کے ساتھ سوا لاکھ نقش لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالے اور جتنے دنوں میں چاہے۔ تعداد پوری کردے لیکن اگر چلے کے اندر اندر ختم کرے گا۔ تو بہتر ہوگا۔ لیکن زکوٰۃ کے بعد جب چور

۳۸۸۸۹	۳۸۸۹۱	۳۸۸۹۴	۳۸۸۹۴
۳۸۸۹۶	۳۸۸۹۷	۳۸۸۹۰	۳۸۸۹۵
۳۸۸۸۶	۳۸۸۹۹	۳۸۸۹۲	۳۸۸۲۸
۳۸۸۹۳	۳۸۸۸۱	۳۸۸۸۱	۳۸۸۹۸

Scanned by CamScanner

یا کسی اور امر کا حال معلوم کرنا ہو تو دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر یہ نقش لکھکر سر کے نیچے رکھ کر سو جاؤ۔ معاملہ معلومہ کے متعلق پورا پورا علم رات کو خواب میں ہو جائیگا مجرب اور آزمودہ ہے۔

دیگر:- ذیل کا نقش ایک کاغذ پر لکھیں سولہویں خانے میں جہاں ہم نے سیاہی کا داغ لگا دیا ہے۔ سیاہی بھر کر تھوڑا عطر لگائیں اور ایک نابالغ بچے کو تعویذ دے کر اس کو کہو کہ وہ سولہویں خانے پر نظر رکھے۔ اور جس شخص کی شکل اس میں نظر آئے گی۔ وہی چور ہوگا۔ بچے کو جو شکل نظر آئیگی اس سے دریافت کرلیں کہ کون شخص ہے وہ سب مفصل بتا دیگی۔

۷۸۶

۲۳۵	۲۴۸	۲۴۵	۲۴۲
۲۴۶	۲۴۱	۲۳۶	۲۴۷
۲۴۰	۲۴۳		۲۳۷
۲۴۹	۲۳۸	۲۳۹	۲۴۲

وہ نقش یہ ہے ۔۔۔۔۔۔

مفرور کیلئے:- یہ نقش بھاری پتھر کے نیچے رکھ دو مفرور واپس آئیگا مجرب ہے۔

نقش یہ ہے ۔۔۔۔۔۔



دیگر:- یہ طلسم لکھ کر چرخے سے باندھے کر چرخہ الٹا گھماؤ مفرور واپس آکر تابعداری کرے گا اور پھر کبھی نہ بھاگے گا۔

ب	ے	و
ال	ح	ال
ے	ی	و

طلسم یہ ہے۔ ۔۔۔۔۔۔

نقش بسم اللہ:- ذیل کا تعویذ بچے کے گلے میں ڈالدو انشاء اللہ ہر آفت اور بیماری سے محفوظ رہے گا۔ چاندی کی تختی پر کندہ کروا کر گلے میں ڈالیں۔

Scanned by CamScanner

۷۸۶

۷۸۶	بسم اللہ	الرحمٰن الرحیم
بسم اللہ	الرحمٰن	الرحیم
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	الرحیم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تعویذ مکرم یہ ہے . . . . . .

برائے شفا بیماری: ذیل کی چھ آیات شریف سات دفعہ اور سورہ الحمد شریف ایک مرتبہ اور ایک مرتبہ اول و آخر درود شریف پڑھ کر جس بچے پر روزانہ دم کر دیا جائے۔ وہ انشاء اللہ ہر بیماری اور بلا سے محفوظ رہے گا۔ اگر کوئی بچہ آدمی یا عورت بیمار ہو جائے تو چینی کی طشتری میں ان آیات کو لکھ کر سات دن نہار منہ پلاؤ انشاء اللہ تندرستی حاصل ہو گی۔ آیات شریف یہ ہیں۔ ویشف صدور قوم مؤمنین یا ایہا الناس قد جاءکم موعظۃ من ربکم شفاء لما فی صدورہ یخرج من بطونہا شراب مختلف الوانہ فیہ شفاء للناس و ننزل من القرآن ما ہو شفاء و رحمۃ للمؤمنین واذا مرضت فہو یشفین بل ہو للذین امنو ہدای و شفاء!

دیگر شفا کیلئے: ذیل کا نقش کسی پرہیزگار آدمی سے لکھوا کر گلے میں باندھو انشاء اللہ ہر بیماری سے امن رہیگا۔

۸	۴۶۷۸	۴۶۷۸	۱
۴۶۷۷	۲	۷	۴۶۷۵
۳	۴۶۸۰	۴۶۷۲	۶
۴۶۷۳	۵	۴	۴۶۷۹

نقش یہ ہے . . . . . .

برائے نظر بد: نظر بد سے بچنے کے لئے ذیل کا تعویذ نہایت سریع التاثیر اور زود اثر ہے۔ زعفران اور کیوڑے سے لکھ کر گلے میں ڈالنے سے نظر بد اثر نہیں کریگی۔ اگر نظر لگ گئی ہو گی تو اس کا اثر باطل ہو گا۔ تعویذ یہ ہے . . . . . .

رب العالمین	الحمد اللہ	الرحمٰن الرحیم	بسم اللہ	بسم اللہ
ایاک نستعین	ایاک نعبد	یوم الدین	مالک	الرحمٰن الرحیم
علیہم	انعمت	صراط الذین	المستقیم	اھدنا الصراط
آمین	الضالین	ولا	علیہم	غیر المغضوب

Scanned by CamScanner

بچوں کا مسان :-

۷۸۶

۳۱۵۵	۳۱۵۰	۳۱۵۷
۳۱۵۶	۳۱۵۴	۳۱۵۲
۳۱۵۱	۳۱۵۸	۳۱۵۳

ذیل کا تعویذ بچوں کا مسان کی بیماری کے لئے بہترین اور مجرب ہے معطر کرکے بچے کے گلے میں باندھ دو انشاءاللہ آرام ہوگا۔ نقش یہ ہے . . . . . .

سوکھا پن کیلئے

یاسلام	یاحفیظ	یامومن	یاشافی
۱۴۰	۴۵۱	۱۴۳	۱۵۵۸
۵۵	۱۳۷	۱۱۵۱	۱۴۴
۵۱۵	۱۴۶	۳۹۹	۱۴۶

بچونکے سوکھے پن کے لئے یہ تعویذ مبارک ہے دائیں بازو پر باندھو۔ انشاءاللہ بچے کی مرض دور ہوگی۔ اور وہ تندرست اور فربہ ہو جائیگا۔ تعویذ یہ ہے . . .

بچہ آسانی سے پیدا ہو :-

نابالغ کنواری لڑکی کے ہاتھ کے کاتے ہوئے سوت کے دھاگوں میں یہ تعویذ باندھکر حاملہ عورت کی کمر میں باندھ دو درد زہ کی تکلیف اور مصیبت سے امن میں رہے گی۔ بچہ آسانی سے ہوگا نقش یہ ہے . . . . . .

یا جبرائیل ۷۸۶

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

یا عزرائیل — یا میکائیل — یا اسرافیل

اسقاط حمل کیلئے

یہ تعویذ ابتدائے حمل میں چالیس دن متواتر بلا ناغہ پانی میں گھول کر پلائیں۔ بعد ازاں ہر مہینے میں سات مرتبہ ہر چوتھے دن وضع حمل تک پلانے چاہئیں انشاءاللہ حمل ساقط نہیں ہوگا۔

تعویذ یہ ہے . . . . . .

ع

س ھ ط

ص ط ط

برائے آسیب

آسیب زدہ مرد اور عورت دونوں کے لئے یہ تعویذ نہایت

۱۰۶۶۲	۱۰۰۱۶۵	۱۰۶۶۸	۱۰۶۵۴
۱۰۶۶۷	۱۰۶۵۵	۱۰۶۶۱	۱۰۶۶۶
۱۰۶۵۶	۱۰۶۷۰	۱۰۶۶۳	۱۰۶۶۰
۱۰۶۶۴	۱۰۶۵۹	۱۰۶۵۷	۱۰۶۶۹

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱۱۱	۸۳	۱۲۳	۱۸۳	۱۴۰۳۷	۳۰۱				
۱۱۳۰۴ع	۱۲۰۱۱۳	۱۰	۳۷۳۰۹	۱۱	۷	۱۱	۳۰۱		
۱۱۷۱۱۲۴۱۱۳۱۱	۱۱	۱۱	۷	۱۶۱۱۶	۴۸۳۰	ل	۳۰۲		
۱۱۴۲۷۱۴	ع	۱۴	۳۰۲	ل	ع	۱۴	۲۱۱۲۱	۱۳۱۱۶	
۱۱۴۱۴	۱۸	۱۱۱	۳۱۰۱۲۱	۱۹۱۸۱					
۱۱۴۱۴۱۲	۱۲۵	۱۴	۳۰۱	۱۱	۱۲۶۱۲۱				
۱۱	۱۱۴	۱۲۴	۱۱	۱۱	۱۱۲۱				

یا برکت اور مفید ہے۔ آسیب اس تعویذ کو دیکھتے ہی خود بخود باطل ہو جائے گا۔ بارہا کا مجرب اور آزمودہ ہے۔

نقش یہ ہے۔

برائے امراض وبائی

تمام وبائی امراض چیچک طاعون ہیضہ وغیرہ کے دور کرنے کے لئے اکسیر ہے خوشبودار مکان میں کمال طہارت اور پاکیزگی کے ساتھ لکھو۔ اور ایک تعویذ مکان میں کسی جگہ چھپا کر دو۔ دوسرا مریض کے گلے میں ڈالو۔ مریض صحتیاب ہوگا۔ دوسرے محفوظ رہے گا۔ انشاء اللہ مجرب ہے۔ تعویذ یہ ہے:

برائے آسیب



اگر کسی مکان میں اینٹ یا پتھر برستے ہوں۔ اور آسیب کا خیال ہو۔ تو یہ نقش لکھ کر منہ قبلہ کی طرف کر کے دیوار پر لگا دو۔ پتھروں کا برسنا بند ہو جائیگا

نقش یہ ہے۔

دیگر اینٹ پتھر: برائے اینٹ پتھر وغیرہ برسنے کے اس نقش کو لکھ کر پانی میں دھو کر اور اس پانی کو تمام مکان میں چھڑک دے۔ انشاء اللہ اینٹوں کا برسنا بند ہو جائے گا۔ مجرب ہے۔

نقش یہ ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

ف	الم ا ع	ع	دی
ف	ل	ک	ے
ک	د	م	ق
لا ح ا	ے	بدوح	بدوح

دیگر عمل: اینٹ اور پتھر برسنے کے وقت وضو کر کے قبلہ رو کھڑے ہو جاؤ۔ اور یہ آیت جتنی دفعہ ہو سکے بلا شمار پڑھو فوراً پتھروں کا برسنا بند ہو گا۔ مجرب ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا ۝ وَّاَکِیْدُ کَیْدًا ۝ فَمَھِّلِ الْکٰفِرِیْنَ اَمْھِلْھُمْ رُوَیْدًا (سورہ طارق ع ۱ (۱۵-۱۶-۱۷))

برائے آسیب و جادو: آسیب اور جادو کے مریض کے لئے سب سے زیادہ زبردست اور پر تاثیر نقش یہ ہے۔

اول نقش کو لکھ کر مریض کو حکم دیں کہ وہ دائیں طرف داڑھ کے نیچے تعویذ کو رکھے۔

یابدوح		یابدوح معہ		یابدوح
		۷۸۶ یابدوح		
		یابدوح ۸		
	یابدوح	۳۳	یابدوح	
	یابدوح	۹	یابدوح	
	یابدوح	۲ یابدوح	یابدوح	

اور دبائے۔ آسیب فوراً حاضر ہو گا۔ اور اس سے قول و اقرار اور عہد لیکر چھوڑ دیں۔ لیکن اگر دائیں طرف رکھنے سے آسیب حاضر ہو کر کلام نہ کرے تو پھر مریض کو حکم دیں۔ کہ نقش کو بائیں طرف داڑھ کے نیچے رکھے اور دبائے۔ انشاء اللہ بلا شک و شبہ حاضر ہو کر کلام کرے گا۔ مریض جوں جوں نقش کو دبائے گا آسیب توں توں پریشان ہو گا۔ اور منت کرے گا۔ قبول و اقرار لے کر چھوڑ دو۔ اگر وہ مریض کو چھوڑنے میں حیل و حجت کرے۔ اور نہ جائے تو فوراً ذیل کا فتیلہ لکھ کر

روشن کریں - بیشک آسیب جل کر فناہ ہو جائے گا - اور مریض تندرست
ہو گا - آزمودہ ہے بار بار تجربے میں
آیا کبھی خطا نہیں ہو گا

جلانے والا فتیلہ یہ ہے -



چند خاص اعمال جو ہر ایک مطلب کے لئے کارآمد ہیں

اگرچہ ہر ایک آیت یا سورہ کے کئی طرح پر مختلف اعمال ہیں مگر ہم اپنے ناظرین
کے لئے سب سے آسان تر یں طریقہ ہائے عمل بیان کرتے ہیں زکوٰۃ ادا کرنے کے
بعد عامل جس طرح چاہے - اپنے مقاصد کے لئے عمل کرے - انشاء اللہ العزیز کامیابی
یقینی اور فوری ہو گی - چونکہ ایسے اعمال میں اکثر عامل کو جان کا خطرہ درپیش
رہتا ہے - کیونکہ موکلات کا واسطہ ہے - اس لئے لازم ہے - کہ عمل
شروع کرنے سے پیشتر اپنے گرد حصار کھینچ لے - جس کا طریق ہم سب سے
پہلے بیان کریں گے - کیونکہ ذرا سی غلطی پر ہی عامل کی گردن مروڑ سکتے
ہیں - یا اس کو کسی دیوانگی یا پاگل پن کی حالت میں پھینک سکتے ہیں - اس
لئے کمال صفائی - پاکیزگی - طہارت اور خلوص نیت کے علاوہ دل کو بھی
زبردست طور پر دلیر رکھنا پڑتا ہے - حصار کھینچکر دم کر لینے کی صورت
میں اگر خدانخواستہ کوئی غلطی ہو جائے - تو موکل نزدیک نہ آسکنے کی صورت
میں عامل کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے اور عامل محفوظ رہتا ہے - چونکہ موکل
طرح طرح کی مہیب شکلوں میں سامنے آتے ہیں - تاکہ عامل عمل چھوڑ دیں
لیکن عامل کو ایک زبردست اور لوہے سے بھی زیادہ سخت اور مضبوط
حوصلے کی ضرورت ہے - اگر عامل نے ڈر کر عمل چھوڑ دیا تو اپنی جان سے
ہاتھ دھو بیٹھے گا - علاوہ ازیں یہ بھی ضروری ہے - کہ عامل موکلات کی

ناجائز اور فضول تکلیف نہ دے ورنہ نقصان اٹھائے گا۔ خوب سوچ سمجھ کر احتیاط کے ساتھ اور دلیر بن کر عمل کرے۔ ورنہ خواہ مخواہ مول نہ لے۔

"وَمَا عَلَيْنَا إِلَّا الْبَلَاغ"

حصار:۔ حصار کرنے کی بہت سی دعائیں ہیں۔ گو ان میں کچھ معتبر اور کچھ غیر معتبر ہیں۔ اس لئے ہم سب کو نظر انداز کرکے ایک سب سے بڑے اور سب سے اچھے حصار کا طریق لکھتے ہیں۔ جو کسی حال میں خطا نہیں کرتا ہے اور وہ سورۃ جن کا عمل ہے۔ عامل کو لازم ہے۔ کہ وہ کوئی اعمال کرنے سے پہلے ایک چلے میں سورۃ جن کا عمل کرکے اس کی زکوٰۃ ادا کر دے اور ہمیشہ کے لئے ہر قسم کے حصاروں کی احتیاج سے بے نیاز ہو جائے سورہ جن کی زکوٰۃ میں موکلات کے نام لینے کی ضرورت نہیں۔ اللہ تعالےٰ نے اپنی رحمت کاملہ سے اس میں سب جنوں اور اسی قسم کی دیگر مخلوق کو اگر کوئی ہے۔ مخاطب کر لیا ہے۔ زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد جب کوئی عمل جلالی کرو تو پہلے ایک دفعہ سورۂ جن اور پھر معوذتین تین تین بار پڑھ کر اپنے ارد گرد انگلی سے کسی قدر جگہ میں دائرہ کھینچ لو۔ اور اس دائرے کے اندر بیٹھ کر عمل کرو۔ اس دائرے کے اندر کوئی چیز خواہ کتنی ہیبت ناک کیوں نہ ہو نہ آ سکے گی۔ اور نہ عامل کوئی نقصان دے سکے گی۔ ادائے زکوٰۃ کا طریق یہ ہے۔ کسی خلوت کی جگہ پر مکان یا بنگل میں بعد نماز عشاء غسل کرکے ایک دفعہ سورۃ جن اور معوذتین تین مرتبہ اور آیۃ الکرسی ایک ایک دفعہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے۔ اور کچھ جگہ پر اپنے اوپر لکیر کھینچ دو۔ پھر اس دائرے کے اندر بیٹھ کر چند مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اثنائے عمل میں ایک ہی لباس رکھیں۔ ایک ہی چادر میں تمام جسم کو لپٹا ہیں۔ کعبہ کی طرف منہ رکھیں۔ قبل از دعوت ہر روز غسل ضروری ہے۔ ترک حیوانات جلالی و جمالی بھی لازم ہے۔ اگر ہو سکے

تو روزہ بھی رکھو۔ چالیس دن کے بعد زکوٰۃ ہو جائے گی۔ اکتالیسویں دن کچھ نیاز تقسیم کر دو۔ اب تم عامل ہو جاؤ گے۔ روزانہ کسی وقت ایک دفعہ پڑھ لیا کرو۔ اور جب کوئی جلالی عمل شروع کرنا ہو تو ہر روز ایک دفعہ سورہ جن معوذتین اور آئتہ الکرسی پڑھ کر اپنے اوپر دم کرو۔ اور ارد گرد کھینچ کر اس کے اندر بیٹھ کر عمل کرو۔ پھر کوئی گزند نہ پہنچے گی۔ اگر تم نے غلطی کی۔ تو پھر سخت نقصان اٹھاؤ گے۔ جان کا بھی خطرہ ہے بعض دفعہ دیوانہ پن بھی ہو جاتا ہے جس کو رجعت کہتے ہیں۔ پھر اس کو صاحب کمال اور ولی اللہ ہی درست کر سکتا ہے۔ یا خود ذات باری تعالےٰ تاہم اگر کوئی شخص رجعت میں مبتلا ہو جائے تو لازم ہے کہ روزانہ ایک ایک ہزار مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس پر دم کرے۔ اور درود شریف کا دم کیا ہوا پانی پلاؤ۔ اور سورہ فاتحہ اور آیتہ الکرسی کسی پاک برتن میں لکھ کر دھو کر پلاؤ۔ انشاء اللہ رجعت واپس ہو جائے گی۔ اور عامل بچ جائیگا۔ مگر جب تک عامل کی رجعت واپس نہ ہو۔ اس عمل کو بدستور جاری رکھنا چاہیئے۔ بلا ناغہ درود شریف کا دم کیا ہوا پانی اور آیتہ الکرسی اور الحمد کا پانی پلاؤ اور دم کرتے رہو۔

۱۔ دعوت بسم اللہ شریف:۔

عروج ماہ میں عمل کی جگہ منتخب کر کے بعد نماز عشاء غسل کر کے بیٹھو ترک حیوانات جلالی اور جمالی لازم سمجھو۔ اور ارد گرد حصار ضرور کھینچ لو۔ لباس احرامی پہنو۔ اور جب تک دعوت ختم نہ ہو۔ وہی لباس بوقت عمل پہن لیا کرو۔ وقت اور جگہ کی پابندی اور روزانہ حصار کر ضروری سمجھو۔ اور حصار کے اندر دلیر ہو کر بیٹھو۔ اور دن تک دس ہزار بار روزانہ بسم شریف کی تلاوت کرو۔ گیارہویں دن سے لیکر تیسویں دن تک روزانہ ہزار بار پڑھو۔ آخری دس دن میں روزانہ پانچ سو بار پڑھیں۔ چالیسویں دن سوا لاکھ کی تعداد

Scanned by CamScanner

پوری ہو جائیگی۔ زکوٰۃ ختم ہوئی۔ اور دوران عمل میں اگر کوئی خوفناک چیز دکھائی دے تو ہرگز نہ ڈرو۔ اکتالیسویں دن حسب توفیق نیاز تقسیم کرو۔ اب تم عامل ہو روزانہ کسی وقت سو مرتبہ پڑھ لیا کرو۔ اول و آخر چند مرتبہ درود شریف پڑھ لینا چاہیئے۔ بعد ازاں جس مطلب کے لئے جس طرح چاہو کام لے سکتے ہو۔ فوراً موکلات کام کریں۔ موکل چالیسویں دن سے پہلے حاضر ہونگے۔ مگر کلام نہ کریں۔ البتہ چالیسویں دن ان کے سوال کا جواب دے سکتا ہے مگر کسی دنیاوی غرض کے لئے زکوٰۃ نہ دے۔ چالیس دنوں کے اندر دوران عمل میں موکلات کے سلام کا جواب دل ہی دل میں دیا کریں۔ کلام نہ کریں۔

۲۔ دعوت سورہ فاتحہ:۔ ترک حیوانات جلالی و خیالی اور علاوہ ازیں روزہ اختیار کریں۔ عروج ماہ میں مقررہ وقت پر مقررہ لباس میں خلوت میں بیٹھکر اول حصار کھینچے۔ بعد ازاں عمل شروع کرے۔ چالیس دن میں سوا لاکھ کی تعداد پوری کرے۔ اثنائے عمل میں عجائبات سے نہ ڈرے اور نہ موکلات سے کلام کرے۔ صرف سلام کا جواب دل ہی میں دے۔ چالیسویں دن اس سے کلام کرے۔ وہ مطیع ہونے کا اقرار کرلے گا۔ کسی دنیاوی غرض سے چلہ یعنی زکوٰۃ دے زکوٰۃ کے بعد موکلات سے حسب مرضی کام لے۔ روزانہ ستر بار کسی وقت پڑھ لیا کرو۔ ضرورت کے وقت اول و آخر چند بار درود شریف پڑھ کر خلوت میں ایک ہزار بار پڑھے۔ موکل حاضر ہونگے۔ جو حاجت ہو ان سے کہہ دے۔ فوراً پوری ہوگی۔

۳۔ آیۃ الکرسی:۔ بطریق مذکور جگہ، وقت لباس اور تعداد مقرر کرکے حصار کھینچ کر اول و آخر درود شریف پڑھ کر گیارہ یا اکیس یا چالیس دن میں سوا لاکھ کی تعداد پوری کرے۔ بعد ازاں حسب توفیق نیاز دے موکلات حاضر ہوں گے۔ ان سے حسب مرضی کام لے سکتا ہے۔ زکوٰۃ کے بعد روزانہ پانچ سو مرتبہ اول و آخر درود شریف پڑھ لیا کرے۔ عمل قابو میں

رہے گا۔ بوقت ضرورت ایکہزار ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر موکل کو طلب کرے۔ اور ضرورت کہہ دے۔ فوراً پوری ہوگی۔ دوران عمل میں ترک حیوانات جلالی وجمالی ضروری ہے۔

۴۔ آیتہ کریمہ:۔ شرائط مقررہ جگہ، وقت، کمال طہارت اور خلوص نیت پاک صاف لباس اور حصار کیا ہو ترک حیوانات جلالی اور جمالی کرکے عروج ماہ میں پنجشنبہ سے روزہ رکھ کر شروع کرے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اندھیرے میں بیٹھ کر تین ہزار دو سو مرتبہ روزانہ پڑھے۔ چونکہ یہ عمل نہایت گرم ہے۔ اس لئے لازم ہے کہ پانی کا ایک پیالہ پاس رکھ لیں۔ اور ہر سو بار پڑھ چکنے کے بعد ہاتھ میں پانی میں تر کرکے منہ پر پھیرے اور ایک دفعہ درود شریف پڑھے۔ اس اثنائے عمل میں جو کی روٹی کے علاوہ اور جو کچھ کھائے۔ اور نہ ہی عمل میں اشکال مختلفہ اور ہیبتناک نظر آنے سے ڈرے۔ دل کو مضبوط رکھے۔ موکلات اگر آئیں تو ان سے کلام نہ کرے۔ البتہ چالیسویں دن بعد اختتام عمل اجازت ہے۔ موکلات مطیع ہوں گے۔ ضرورت کے وقت صرف ایک سو ایک مرتبہ اول و آخر چند مرتبہ درود شریف پڑھ کر موکل کو طلب کرو۔ اور اپنا کام پورا کرو۔ بعد ختم عمل نیاز دو۔ کسی ناجائز کام کے لئے موکل کو تکلیف نہ دو۔ ورنہ اثر برا ہوگا۔ آیت کریمہ کو اس طرح پڑھو۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ہ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ط بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ ۔ دعوت کے بعد سو مرتبہ روزانہ پڑھو۔

۵۔ سورۃ مزمل:۔ شرائط مقررہ کے بعد بالخصوص جو ایک جلالی چلے کے لئے لازمی ہے ایسے مہینے کی پہلی تاریخ کو شروع کریں جس کی پہلی تاریخ اتوار کو آئے۔ بعد نماز عشاء غسل کرکے چلے کی جگہ حصار کھینچکر بیٹھ جائے۔ اور کھانے پینے کی یا نقدی وغیرہ کی کوئی چیز کسی قدر اپنے پاس رکھ لے۔ پہلے دن سورۃ

دس بار پڑھے - دوسرے دن گیارہ تیسرے دن بارہ چوتھے دن تیرہ عرض روز ایک دفعہ بڑھاتا جائے - حتیٰ کہ دسویں دن بیس مرتبہ پڑھے - گیارہویں پھر ایک ایک مرتبہ کم کرتا جائے - یہاں تک کہ بیسویں دن دس بار پڑھے ایک چلہ ختم ہوا کچھ ہی دن کا وقفہ دے کر یا اس سے اگلے دن دوسرا چلہ شروع کرے - اور پہلے دن اکیس بار اور دوسرے دن بائیس بار تیسرے روز تیئیس بار علیٰ ہذا القیاس ایک ایک بار اور زیادہ کرتا جائے - اور دس دن کے بعد پھر ایک ایک کم کرنا چاہیئے - حتیٰ کہ بتیسویں دن اکیس ۲۱ بار پڑھے - اور اکتیسویں اور بتیسویں دن اکیس ۲۱ اکیس ۲۱ بار پڑھے - دو چلے ہو گئے - اب پھر کچھ دن کا وقفہ دیکر یا اس سے اگلے دن تیسرا چلہ شروع کریں - پہلے دن اکتالیس بار علی ہذا القیاس ایک ایک بار روز بڑھائیں - یہاں تک کہ دسویں دن اکیاون بار اور پھر حسب دستور ایک ایک بار کم کرتا جائے - یعنے بیسویں دن اکتالیس ۴۱ اکتالیس ۴۱ بار - پس چلہ ختم ہوا - اب روزانہ ایک بار پڑھ لیا کرے اور بوقت ضرورت گیارہ مرتبہ اول اور آخر چند مرتبہ خلوت میں درود شریف پڑھ کر پڑھے - فوراً موکل حاضر ہوگا - جو کام چاہو اس سے لو -

اس عمل میں یہ احتیاط خاص طور پر مدِ نظر رکھنا چاہیئے - کہ دوران عمل میں صرف جو کی روٹی پر قناعت کرے - دل کو خاص طور پر دلیر رکھے - مختلف اشکال سے بالکل نہ ڈرے - اور نہ کسی سے کلام کرے - دوران عمل میں اگر کوئی شخص حصار کے اندر یا حصار کے باہر عامل کو کچھ دے تو ہرگز نہ لے - خواہ عامل کی بیوی یا بیٹا یا ماں یا باپ یا دوست ہی کیوں نہ ہوں - کیونکہ موکل عامل کے عزیزوں کی شکل میں ہر وقت اس کو کچھ نہ کچھ دینے کی کوشش کرے گا - مگر عامل کو ان چھپا ستھ دنوں میں کسی سے کوئی چیز خواہ وہ کیسی ہی قیمتی یا حقیر کیوں نہ ہو - ہرگز ہرگز نہ لینی چاہیئے - ممکن ہے موکل ہی اس صورت میں دے رہا ہو - دوسرے سخت پابندی اس امر کی

کرنی چاہیئے۔ کہ دوران عمل اگر کوئی اس سے کچھ مانگے تو فوراً دیدے کیونکہ بعض اوقات موکل ہی مانگنے آیا کرتا ہے۔ تیسری پابندی اس عمل میں بالخصوص یہ رکھنی پڑیگی۔ کہ دوران عمل میں حصار کے اندر اگر کوئی اس سے کوئی چیز مانگے تو فوراً بدستور پڑھتا ہوا دیدے یا اگر وہ منہ کھولے تو منہ میں ڈالدے اور منہ میں ڈالتے وقت نہ تو اپنی جگہ سے ہلے اور نہ ہی پڑھنا چھوڑے اور نہ ہی کسی سے کوئی کلام کرے خواہ کیسی ہی مجبوری کیوں نہ ہو۔ اور نہ ہی ڈرنا چاہیئے۔ ورنہ نقصان ہوگا۔ آخری شرط یہ ہے کہ کوئی نماز قضا نہ ہونی چاہیئے۔ وقت پر سب کی سب نمازیں ادا ہوں۔

۶۔ اللہ الصمد: بعض بزرگوں کا خیال ہے کہ اللہ الصمد اسکی زکوٰۃ ادا کرنیکا طریقہ پہلے کسی جگہ اس کتاب میں دیا جا چکا ہے۔ سو اچھا لاکھ بار اسکی زکوٰۃ ہے۔ پابندی و شرائط مذکور بالا ہیں۔

نوٹ: ہم نے اس کتاب میں صرف وہی اعمال دیئے ہیں جن میں کسی رجعت یا مصیبت کا اندیشہ نہیں روزانہ نہ ہی کسی اجازت کی ضرورت ہے اور عامل اپنے قوت بازو سے انکو قابو میں لا سکتا ہے۔ اور دنیا و دین میں فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ اگر عامل ان اعمال میں کسی بزرگ صاحب بصیرت کی مدد حاصل کرے گا تو فوراً علیٰ نور کا مستوجب ہوگا۔ اور مزید فائدہ اٹھائیگا۔ کیونکہ خطرہ تو کسی قسم کا ہے نہیں۔ بزرگ کی توجہ سونے پر سہاگہ کا کام دیگی۔ انشاء اللہ تعالےٰ۔

وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی حَبِیْبِہٖ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

فتیلہ برائے دفع جن: اگر کسی شخص کا جن پر دخل ہو تو اس فتیلہ کو کاغذ پر رکھکر اس کے ناک میں دھواں دیں۔ انشاء اللہ جن کا دخل دور ہو جائیگا فتیلہ یہ ہے۔

ص ۹۰۶۶۸۶۵ ے

ص ع ۷۸۲ ۲۳۴ ص ام ج دود د

برائے دفع جن: دریا یا نہر سے پانی لیکر اس پر یہ پڑھیں عَلِیْقًا مُلِیْقًا اَنْتَ تَعْلَمُ مَا فِیْ قُلُوْبِهِمْ مُلِیْقًا طَلِیْقًا ۝ یا اس عبارت کو کاغذ پر لکھکر سرسوں کا تیل چراغ میں ڈالکر اس کاغذ کی بتی بنا کر جلائیں۔ جیسے ہی بتی جلنے لگی جن فوراً بھاگ جائیگا۔

دیگر فتیلہ جن: فتیلہ جس کا نقش درج ذیل ہے۔ جن و پری و دیو کے آسیب کے لئے اس قدر مؤثر ہے کہ جہاں یہ فتیلہ دکھایا گیا۔ جن وغیرہ مریض کو چھوڑ کر مریض کو بھاگ گیا۔

ترکیب یہ ہے کہ ایک سفید کاغذ لیکر مریض کے تمام جسم پر ملیں کہ جسم کا کوئی حصہ باقی نہ رہے اور پھر اس کاغذ پر لکھکر یہ بتی وغیرہ بنالیں اور سرسوں کا تیل چراغ میں ڈال کر اس بتی کو جلائیں۔ فتیلہ یہ ہے۔ . . .

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

اور مریض کو کہہ دیں کہ وہ بتی کو دیکھے انشاء اللہ چند منٹ کے بعد جن یا سایہ جو کچھ ہوگا۔ نکل جائیگا۔

فرعون علیہ اللعنت۔ نمرود علیہ اللعنت۔ شداد علیہ اللعنت قارون علیہ اللعنت ابلیس علیہ اللعنت۔ ابوجہل علیہ اللعنت آنچہ در وجود فلاں ابن فلاں داخل شدہ است در بخش مے رسانند در پیں فتیلہ حاضر شود۔

کثرت احتلام: جس شخص کو خواب میں شیطان تنگ کرے وہ سوتے وقت سورۂ والسماء والطارق کو پڑھ کر سویا کرے۔ انشاء اللہ کبھی احتلام نہ ہوگا۔

برائے زیادتی مکھن: اگر کسی کی گائے بھینس یا بکری کے دودھ سے مکھن کم نکلتا ہو تو یہ تعویذ لکھ کر اس برتن کے گلے پر باندھ دے جس میں کہ دودھ ڈالکر مکھن نکالا جاتا ہے۔ انشاء اللہ بے اندازہ مکھن

نکلے گا۔ تعویذ یہ ہے ۔

یا جبرائیل	۸	۱	۶	یا میکائیل
	۳	۵	۷	
یا اسرافیل	۴	۹	۲	یا عزرائیل

حضرت غوث الاعظم جیلانی و گیلانی محبوب سبحانی روشن ایں خانہ افزوں گردانی

برائے زیادتی دودھ:- اگر کسی کی گائے یا بھینس یا بکری دودھ دیتے وقت خراب کرے یا دودھ کم دے تو اس آیت کو کسی ایسی چیز پر جو وہ کھائے دم کر کے اسے کھلائے۔ انشاء اللہ تعالےٰ دودھ نہایت آرام سے دے گی۔ آیت کریمہ یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِنَّ الْبَقَرَ تَشَابَهَ عَلَیْنَا وَاِنَّا اِنْشَاءَ اللّٰہُ لَمُهْتَدُوْنَ (البقرہ ع ۱) وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ ط

برائے پیٹ درد مویشی:- اگر کسی پالتو جانور کے پیٹ میں درد ہو تو سورۃ تَبٰرَکَ بِیَدِہِ سات بار پانی پر دم کر کے پلا دے۔ انشاء اللہ آرام آجائے گا۔

برائے دوکانداری:- اگر کسی کی دوکان پر گاہک کم آئیں تو اس تعویذ کو لکھ کر اور روئی میں لپیٹ کر بتی بنائیں۔ اور چراغ میں تلوں کا تیل ڈال کر روزانہ جلائے انشاء اللہ گاہک اس قدر آئیں گے کہ فرصت نہ ہوگی۔

۶۸۶

۸۰۲۴	۸۰۲۷	۸۰۳۰	۸۰۱۶
۸۰۲۹	۸۰۱۷	۸۰۳۳	۸۰۳۸
۸۰۱۸	۸۰۳۲	۸۰۲۵	۸۰۲۱
۸۰۳۶	۸۰۲۰	۸۰۱۹	۸۰۳۱

نقش یہ ہے ۔ ۔ ۔

دیوار نہ گرے

اگر کسی کے مکان کی دیوار گرنے والی ہو تو یہ دیوار پر لکھ کر

دے۔ انشاءاللہ دیوار نہ گرے گی۔

الٰہی بحروف معروف کرخی بماند سالہا دیوار باقی

ختم رسولی:- یعنے ختم حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو قضائی حاجات اور حل مشکل کے حل کے لئے بے نظیر ہے اس ختم کے ہمیشہ پڑھنے سے تمام دینی و دنیوی مشکلات حل ہو جائیں گی۔ طریقہ یہ ہے۔

کہ چند آدمی جو کہ باوضو اور پاکیزہ لباس اور خوشبو لگائے ہوئے ہوں۔ ایک مجلس منعقد کریں۔ اور اس طرح پڑھیں۔ بسم اللہ شریف ۱۰۰ بار درود شریف ۱۰۰ بار سورہ فاتحہ ستو بار۔ کلمہ طیبہ ستو بار کلمہ شہادت ستو بار آمنت باللہ ستو بار۔ استغفار ستو بار۔ آیتہ الکرسی ستو بار آلٓمٓ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ستو بار یُسَبِّحُ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ الْمَلِکِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ ستو بار۔ ستو بار سورۂ اخلاص۔ ستو بار کلمہ تمجید ستو بار اللّٰہُ عَلِیْمٌ ستو بار یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ ستو بار یہ پڑھ کر بعد ان نہایت عاجزی سے بدرگاہ رب العالمین میں دعا مانگے۔ انشاء اللہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طفیل تمام حاجتیں پوری ہو جائیں گی۔

صلوٰۃ الحاجات:- حضرت شاہ ولی اللہ صاحب فرماتے ہیں کہ جس کسی کو کوئی حاجت درپیش ہو یا کوئی مشکل پیش آئے تو اسے چار رکعت نماز یہ نیت قضائے حاجات اس طرح ادا کرے کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ اور لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ط ستو بار اور دوسری رکعت میں رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۵ ستو بار اور تیسری میں وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ ستو بار اور چوتھی میں حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ط ستو بار پڑھے اور بعد سلام کے رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ستو بار پڑھ کر کہ حقتعالےٰ سے اپنی حاجت نہایت عاجزی سے طلب کرے ٭

Scanned by CamScanner

صلوٰۃ القلب:- جب کسی کا دل سیاہ ہو چکا ہو اور وہ نیکی کی طرف رغبت نہ کرتا ہو تو اسے چاہیئے کہ دو رکعت نماز بہ نیت صلوٰۃ القلب ادا کرے اور ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ایک ایک بار پڑھے لیکن نیت سے آخر تک دل ہی دل میں پڑھے۔ زبان سے حرف نہ نکالیں۔ بعد سلام کے بخلوص دل ستر بار استغفار پڑھے اور اپنے مرشد کا تصور کرے۔

نجات آخرت:- بسم اللہ شریف کے انیس حرف ہیں یہی تعداد دوزخ کے ملائکہ موکلین کی ہے۔ بزرگان دین نے لکھا ہے کہ جو شخص اس کا ورد رکھے دوزخ کا اندیشہ نہ ہوگا۔

حصول مطالب:- اگر بسم اللہ شریف کو اس کے حروف کے اعداد بحساب ابجد کے مطابق یعنے سات سو چھیاسی مرتبہ پڑھ کر چھ رکعت دو دو رکعت کے بعد سلام پھیر کر پڑھیں اور ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد اَلَمْ نَشْرَحْ پندرہ مرتبہ پڑھیں پھر دعا مانگیں۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِفَضْلِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَسْئَلُكَ بِعَظْمَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط وَاَسْئَلُكَ بِجَلَاءِ وَسَنَاءِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط وَاَسْئَلُكَ بِهَیْبَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط وَبِحُرْمَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط وَبِجَبَرُوْتِ وَمَلَكُوْتِ وَكِبْرِیَاءِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط وَبِعِزَّةِ وَقُوَّةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اِرْفَعْ قَدْرِیْ وَیَسِّرْ اَمْرِیْ وَاجْبُرْ كَسْرِیْ وَغْنِ فَقْرِیْ وَاَطِلْ عُمْرِیْ بِفَضْلِكَ وَكَرَامِكَ وَاِحْسَانِكَ یَا مَنْ هُوَ كٓهٰیٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ الٓمٓ الٓمٓرٰ اِسْمُ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الْعَظِیْمُ الْاَكْرَامُ وَاَسْئَلُكَ بِجَلَالِ الْهَیْبَةِ وَبِعِزَّةِ وَاَسْئَلُكَ بِكِبْرِیَاءِ الْعَظَمَةِ وَبِجَبَرُوْتِ الْقُدْرَةِ اَنْ تَجْعَلَنِیْ مِنَ الَّذِیْنَ لَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ وَاَسْئَلُكَ بِهَا وَامِرِ الْقَضَاءِ وَالْقَدَرِ وَاَسْئَلُكَ بِنُوْرِ اَنْ تُدْخِلَنِیْ بِرَحْمَتِكَ

فِی جَنَّاتِ النَّعِیْمِ یَارَبُّ الْعَالَمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ - تو مراد و مقصد پورا ہو سکتا ہے۔

دفع بلیات: - جو شخص سوتے وقت اکیس مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ لیں اللہ تعالےٰ اس کو رات بھر شیطان کے شر سے محفوظ اس کے مال کو چوروں سے مامون رکھے گا - اور اس کو مرگ مفاجات اور ہر بلا سے بچائے گا۔

تذلیل ظالم: - کسی ظالم یا ستمگر کے سامنے پچاس مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھی جائے تو اللہ تعالےٰ اس کو ذلیل کر دیتا ہے۔

ہر قسم کا درد: - اگر جسم کے کسی مقام پر رگی عصبی یا انتہائی درد کسی قسم کا ہو ایک سو ۱۰۰ مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ کر دم کرو اور اسیطرح دن تک دم کرتے رہو اللہ تعالےٰ کے فضل سے شفا ہو جائے گی۔

حُبّا: - جو شخص پانی کے پیالے پر سات سو چھیاسی مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ کر دم کرے اور یہ پیالہ کسی کو پلا دے تو اس سے محبت و الفت کرنے لگے گا۔

حصول مُرادات: - جو شخص سات روز تک روزانہ سات سو چھیاسی مرتبہ بسم اللہ شریف کا ورد جس نیّت سے کرے گا خواہ کسی نفع حاصل کرنے کی نیت سے ہو یا کسی شر کا دفع کرنا مقصود ہو یا دوکان یا تجارت کا چلانا مطلوب ہو۔ اللہ تعالیٰ اس کی مراد پر لائے گا۔

تیزی ذہن کیلئے: - قدح آب پر سات سو چھیاسی ۷۸۶ مرتبہ بسم اللہ پڑھ کر دم کیا جائے اور اس پانی میں سے قدرے کسی کند ذہن کو طلوع آفتاب کے وقت پلا دیا جائے تو سات روز تک ایسا کرنے سے وہ ذہین و ہوشیار اور قوی الحفظ ہو جائے گا۔

تسخیر خلق: - یہ بسم اللہ شریف کا عجیب عمل ہے صاحب عمل کہتے ہیں کہ قسم ہے اس ذات واحد کی جس کا کوئی شریک نہیں۔ کہ جو شخص اس

کو کہے گا۔ وہ لوگوں کی نظروں میں ماہ چہارہ کی طرح مقبول و محبوب ہو جائے گا ہر شخص اسکی عزت کرے گا۔ اس کا وقار مانے گا۔ اس کی ہر بات کے آگے سر تسلیم خم کرے گا۔ حکام اس کا ادب کرینگے عوام اسکو سر آنکھوں پر بٹھائیں گے وہ عمل یہ ہے۔ کہ جمعرات کے روز روزہ رکھیں اور بعد غروب آفتاب سونگی یا چھوہارے سے افطار کریں۔ مغرب کی نماز کے بعد ایک سو اکیس ۱۲۱ مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھے پھر نماز عشاء ادا کر کے حسب معمول خوابگاہ میں لیٹ جائے اور بالالتزام تعداد بسم اللہ پڑھتا جائے۔ حتیٰ کہ نیند آجائے جب جمعہ کی صبح کو جاگے تو نماز فجر پڑھ کر ایک سو اکیس مرتبہ بسم اللہ شریف کا ورد کر کے اس کو حروف مقطعات کی صورت میں ایک کاغذ پر لکھیں یعنی:- ب س م ل ہ ل ر ح م ن ل د ح ی م اور اس کاغذ کو اپنے پاس رکھکر جس کام کو جس مقصد کے لئے جس دعا کے لئے جانا چاہیں جائیں خود فلاح اور فتح و نصرت استقبال کرے گی۔

سرسبزی زراعت:- ایک کاغذ پر بسم اللہ شریف ایک سو ایک مرتبہ لکھ کر وہ کاغذ لکھکر وہ کسی کھیتی میں دفن کیا جائے تو فصل خوب ہری بھری ہوگی۔ پیداوار کافی ہوگی اور تمام ارضی و سماوی امراض سے محفوظ رہے گی۔

سلامتی اولاد:- جس عورت کے بچے مر جاتے ہوں اس کو ایک کاغذ پر بسم اللہ شریف اکاسٹھ مرتبہ لکھکر دی جائے کہ وہ اپنے پاس بطور تعویذ رکھے۔ انشاء اللہ اس کی اولاد ہر آفت سے محفوظ اور زندہ سلامت رہیگی۔

صید ماہی:- لکھا ہے کہ اگر ایک شیشے کی تختی پر بسم اللہ شریف لکھکر اسے ماہی گیر کے جال میں رکھ دیا جائے تو مچھلیاں بکثرت آئیں۔

شرکت جنگ و جدال:- اگر ایک کاغذ پر ایک سو نوے مرتبہ حرف الرحیم لکھ کر اپنے پاس رکھیں تو خواہ گھمسان کی لڑائی میں جانا پڑے دشمن کے اسلحہ کا کچھ اثر نہ ہوگا۔

علاج سر درد:- اگر بسم اللہ شریف ایک کاغذ پر لکھکر اکیس ۲۱ مرتبہ سر درد کے مریض

کے سر سے باندھ دیں تو انشاء اللہ شفا پائے۔

درد چشم وغیرہ کیلئے:- فجر کی سنت اور فرض نماز کے درمیان اکتالیس بار سورہ فاتحہ پڑھ کر دم کریں۔ انشاء اللہ فی الفور صحت ہو گی۔ دوسرے ہر قسم کے دردوں کے لئے بھی یہ عمل شافی ہے۔

سلامتی مسافر:- جو شخص سفر جا رہا ہو اس کے لئے اگر آغاز سفر میں اکتالیس بار سورہ فاتحہ پڑھ کر دعا کی جائے تو بحکم تعالےٰ سفر میں ہر قسم کی آفت سے مامون رہے۔

حل مشکلات:- ہر صبح کو اکتالیس بار سورہ فاتحہ پڑھتے رہیں اللہ تعالےٰ کے فضل سے بلا تعب و مشقت اس کی مشکلات رفع اور دروازہ رزق کشادہ ہو جائیگا۔

دفع عطش:- اگر سفر میں یا قلت آب میں یا کسی مرض میں پیاس کا اندیشہ ہو۔ تو صبح کے وقت فاتحہ پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کریں۔ اور منہ اور پیٹ پر پھیر لیں۔ باذنہٖ تعالیٰ اس روز پیاس نہ لگے گی۔

زیارت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:- جو شخص جمعرات کو ہزار مرتبہ سورۃ کوثر شریف پڑھ کر درود شریف پڑھ کر سو جائے اللہ تعالےٰ اس کو جمال پاک رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرف ہو گا۔

بیدار ہونیکی دعا:- جو شخص بوقت خواب یہ آیت اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ کَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا (آخر سورہ کہف) اور قولہٗ تعالےٰ۔ قُلْ مَنْ یَّكْلَؤُكُمْ بِالَّیْلِ وَالنَّهَارِ پوری آیت پڑھ کر اللہ سے دعا کرے۔ کہ میں فلاں وقت فلاں میں بیدار ہو جاؤں۔ تو اسی وقت جاگ اٹھے گا۔ بہت مجرب ہے اور آزمودہ ہے۔

طلسم بخار:- ذیل کا طلسم بخار کے لئے مجرب و نافع ہے۔ اس کو لکھ کر مریض کے سرہانے کے نیچے رکھ دیا جائے انشاء اللہ تعالےٰ

Scanned by CamScanner



جلدی صحت ہو جائے گی طلسم یہ ہے ....

برائے استرخاء اطفال: جو بچہ ٹانگوں کی کمزوری اور اعصابی نقص سے کھڑا نہ ہو سکے نہ چل سکے اس کے لئے یہ "اسم متین" کا نقش مفید ہے

۷۸۶

ن	ی	ت	م
۵۰	۱۰	۴۰۰	۴۰
۴۰	۵۰	۱۰	۴۰۰
۴۰۰	۴۰	۵۰	۱۰
۱۰	۴۰۰	۴۰	۵۰

ہرن کی جھلی پر لکھا جائے اور اس کو عود کی دھونی دی جائے۔ پھر بچے کے گلے میں پہنایا جائے۔ تو بفضل تعالیٰ بچہ چلنے پھرنے لگے گا۔

نقش یہ ہے ... ...

پاؤں کا سُن ہو جانا: ابن السنی رضؓ سے مروی ہے۔ کہ جب کسی کا پاؤں سن ہو جائے تو اس شخص کو یاد کرے۔ جو اس کو تمام لوگوں میں سے محبوب اور پیارا ہے۔

دیگر برائے جنون و دیوانگی: آنحضرت صلعم نے ایک دیوانہ عربی کو اپنے سامنے بٹھا کر یہ آیات پڑھیں وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ تا يَعْقِلُوْنَ ۝ (آل عمران ۱۵) پھر آیۃ الکرسی اور لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ تا آخر البقرہ وَشَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ تا آخر آیات (ان ربکم اللہ الذی تا المحسنین (آل عمران ۱۵) ایک سورہ اعراف

اس سے۔ فتعالی اللہ تا آخر مومنون پھر آیات اول معافات کی تا لاذب اور تین آیات آخر سورہ حشر کی اور انہ تعالے جن ربنا الایۃ سورہ جن سے اور قل ھو اللہ احد اور معوذتین کہتے ہیں۔ کہ وہ شخص بالکل اجنون وغیرہ سے تندرست ہوگیا ہے۔

برائے حیچک! یہ نقش لکھکر مریض خلبدی کے گلے میں معلق کیجئے انشاء اللہ صحتیاب ہوگا دس کے عوارض موذیہ سے محفوظ رہے گا۔

۱۰	۱۴	۱	۸
۵	۳	۱۵	۱۰
۱۶	۹	۶	۲
۴	۷	۱۱	۱۳

نقش یہ ہے۔۔۔۔۔

برائے تسہیل ولادت: ان کلمات کو ایک کاغذ پر لکھکر عورت کے گلے میں باندھ دیا جاوے انشاء اللہ تعالیٰ کوئی تکلیف نہ ہوگی۔

د	ط	ب
ج	لا	ش
ج	ا	د

وہ کلمات یہ ہیں۔۔۔۔۔

برائے زیارت رسول صلعم: جو شخص سورہ کوثر کو جمعہ کی رات میں ہزار بار پڑھ کر حضرت پر درود بھیجے گا وہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھے گا۔

ایضاً:۔ جو کوئی سورہ قریش کو ہزار بار پڑھ کر باوضو سوئے گا۔ وہ حضرت صلعم کو خواب میں دیکھے گا۔ اور اس کا ہر مقصود حل ہوگا۔

برائے دفع خواب پریشان: سوتے وقت یہ کلام پڑھ لینا چاہیئے۔ نؤمن باللہ اودد آمودد نرای اللہ وحسبنا اللہ ونعم الوکیل ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ط۔ انشاء اللہ کوئی خواب پریشان نہ آئے گا۔

دعا بوقت مصیبت: حضرت ابن عباس رض سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

مصائب کے وقت یہ دعا پڑھا کرتے تھے۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْعَظِیْمُ الْحَلِیْمُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ط لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْکَرِیْمِ ط اسی دعا کی تاثیر تھی۔ کہ جب ابراہیم علیہ السلام آگ میں ڈالے گئے تو آپ نے اسے ورد کرنا شروع کیا تھا۔ جس کی وجہ سے آپ شر نار سے محفوظ رہے۔

دعا بوقت نزول آفات:۔ حضرت ابوہریرہؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جبرائیل نے انسانی صورت میں آکر مجھے یہ دعا پڑھائی۔ جس سے ہر قسم کی مصیبت و بلائیں دور ہو جاتی ہیں۔ تَوَکَّلْتُ عَلَی الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَکُنْ لَّہٗ شَرِیْکٌ فِی الْمُلْکِ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَکَبِّرْہُ تَکْبِیْرًا ط۔

(آخری نبی اسرائیل)

بوقت نزول مصائب:۔ ابن مسعودؓ سے روایت ہے۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جب کوئی رنج والم پیش آتا تو یہ دعا کیا کرتے تھے۔ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ :۔

حضرت کرم اللہ وجہٗ فرماتے ہیں۔ کہ جنگ بدر میں میں نے آنحضرت کو بار بار یہی دعا۔ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ۔ بحالت سجدہ پڑھتے دیکھا۔ بیشک کہ جنگ بدر میں مسلمانوں کو فتح ہوئی اور کافروں کو شکست ملی۔

دیگر:۔ سعد ابن ابی وقاصؓ سے مروی ہے۔ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ حضرت یونس علیہ السلام کو جب مچھلی نے زندہ نگل لیا تھا۔ تو آپ اس کے پیٹ میں یہ دعا پڑھا کرتے تھے جس سے آپکو نجات حاصل ہوئی۔

لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ط

سفر میں تھکان نہ ہو:۔ اگر پیادہ پا سفر کرنے کا اتفاق ہو۔ اور تھک جانے کا اندیشہ ہو۔ تو یہ تعویذ لکھ کر گلے میں باندھ لے۔ تو انشاء اللہ تھکان سے امن میں رہیگا۔

نقش یہ ہے ۔۔۔

۷۸۶

۱۴	۱۱	۸	۱
۷	۲	۱۳	۱۲
۶	۱۶	۳	۶
۴	۵	۱	۱۵

۷۸۶

دیگر برائے محبت: بسم اللہ شریف کو سات سو چھیاسی پڑھ کر قدح آب پر دم کرے اور محبوب کو پلائے اسے محبت شدید پیدا ہو جائیگی۔

برائے تسخیر: جو کوئی اس آیت کو ایک ہزار مرتبہ روغن چنبیلی پر دم کر کے اپنے سر میں لگائے اور بدن و منہ پر مل کر جس کے سامنے جائے۔ تابعدار ہو جائے۔

آیت یہ ہے:۔ وَاللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ ط

برائے حصول محبت: یُحِبُّوْنَھُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ
اَلْحُبُّ (نام محبوب معہ ولدیت) عَلٰی حُبِّ (نام محب معہ ولدیت)
اس عمل کو معشوق کا تصور کر کے گیارہ سو دفعہ پڑھیں۔ انشاء اللہ معشوق تابعدار ہو جائے گا۔

برائے صلح بین الزوجین: اگر میاں بیوی میں اَن بن ہو گئی ہو اور کوئی صورت صلح و صفائی کی نہ آئے تو ان میں جو فریق مائل بہ صلح ہو اس کو یہ تعویذ لکھ کر دیا جائے کہ اپنے پاس رکھے وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَیْنِھِمَا فَابْعَثُوْا حَکَمًا مِّنْ اَھْلِہٖ وَحَکَمًا مِّنْ اَھْلِھَا اِنْ یُّرِیْدَآ اِصْلَاحًا یُّوَفِّقِ اللّٰہُ بَیْنَھُمَا اِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَلِیْمًا خَبِیْرًا وَاِنِ امْرَاَۃٌ خَافَتْ مِنْ بَعْلِھَا نُشُوْزًا اَوْ اِعْرَاضًا فَلَا جُنَاحَ عَلَیْھِمَآ اَنْ یُّصْلِحَا بَیْنَھُمَا صُلْحًا وَالصُّلْحُ خَیْرٌ عَسَی اللّٰہُ اَنْ یَّجْعَلَ بَیْنَکُمْ وَبَیْنَ الَّذِیْنَ مَا دَیْتُمْ مِّنْھُمْ مَّوَدَّۃً ط

برائے زوالی محبت: جو شخص کسی ایسے انسان کی محبت میں مبتلا ہو جائے جس کی ملاقات شرعاً ناجائز ہو۔ مگر وہ غلبہ عشق سے اپنے مائل بہ

عشق ہونے سے ڈرتا ہو۔ اس کو چاہیئے کہ صبح سویرے اللہ تعالےٰ کے وہ نام جن میں یائے تحتانیہ آتی ہو۔ مثلاً حلیم۔ قدیر۔ علیم۔ علی، عظیم، کریم۔ رقیب، عزیز وغیرہ کو پاک صاف برتن پر لکھ کر نہار منہ پی لیا کرے سات روز پیتا رہے۔ انشاءاللہ جوش الفت سرد پڑ جائے گا۔

غضب حاکم کیلئے: غضب حاکم کو ٹھنڈا کرنے کیلئے اس کی پیشی میں جاتے وقت۔ پڑھیں۔ وَلَمَّا سَكَتَ عَنْ مُوسَى الْغَضَبُ وَمَا يَرْهَبُونَ (الاعراف ع۱۵) اُطْفَاءَ ثَ غَضَبَ (یہاں سلطان کا نام لیں) بِلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہَ وَسُبْحٰنَ مَوْدُوْثُہٗ یَا سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ الرَّسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

کوئی جانور گزند نہ پہنچائے: اگر کسی خطرناک جانور سے پالا پڑنے کا خوف ہو تو گھر سے نکلتے وقت خاتمۃ الکتاب آیۃ الکرسی سورہ قدر سورہ قریش۔ سورہ فلق۔ سورہ والناس پڑھنی شروع کر دے۔ اور راستہ بھر پڑھتا چلا جائے اور بار بار خدا کو یاد کرے۔ انشاء اللہ ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔ اور فائز المرام ہو کر واپس لوٹے گا۔

دیگر ہتھیار اثر نہ کرے: سورہ ہود لکھ کر جس کا کوئی حرف مٹا ہوا نہ ہو۔ اپنے پاس رکھنے سے دشمن کا کوئی ہتھیار کارگر نہ ہوگا بلکہ اس پر فتح و ظفر حاصل ہوگی۔ دشمن شکست کھا کر مفرور ہو جائیگا۔

دشمن کی تدابیر و مکر برہم کرنا: اگر کسی دشمن کے مقابلے میں اس کے مقابلہ اور مکاریوں کے منصوبے توڑنا اور اس کے مقابلے کی مشکلات سے نجات پانا مقصود ہو تو ایک ہزار ایک سو ترپن مرتبہ یہ آیت پڑھیں لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ کَاشِفَۃٌ اور ہر تسبیح کے بعد کہیں۔ اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاٰيَاتِ الشَّرِيْفَةِ وَمَا حَوَتْهُ وَمَنْ اَسْرَارِ الْمُنِيْفَةِ اَنْ تَصْرِفَ عَلَيَّ كَيْدَ (فلاں یہاں دشمن کا نام لے) وَشَرِّهٖ اَللّٰهُمَّ اَرْدُدْ كَيْدَهٗ فِيْ نَحْرِهٖ اَللّٰهُمَّ اشْغَلْهُ عَنِّيْ بِشَاغِلٍ لَا يَسْتَطِيْعُ رَدَّهٗ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ پھر سارے وظیفہ کے بعد

Scanned by CamScanner

آٹھ سو اٹھارہ مرتبہ کہے۔ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِیْمِ ط

دشمن کی تذلیل شکست اور ہلاکت کیلئے:

ایام بیض یعنی تیرہویں چودہویں و پندرہویں تاریخ میں آدھی رات کے وقت اٹھ کر کامل وضو کریں اور دو رکعت نماز پڑھیں۔ جس کی پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد اَلَمْ تَرَ کَیْفَ چالیس مرتبہ اور دوسری رکعت میں فاتحہ کے بعد قُلْ یٰاَیُّهَا الْکٰفِرُوْنَ چالیس بار پڑھیں سلام کے بعد سجدہ کریں۔ اور بحالت سجود سو مرتبہ پڑھیں یَا قَادِرُ یَا مُقْتَدِرُ یَا عَزِیْزُ۔ یَا عَلِیْمُ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ پھر سر اٹھائیں (اور ذیل کا نقش جو پہلے سے لکھکر مصلّے کے نیچے رکھا ہوا ہو) اور یہ دعا پڑھیں اَللّٰهُمَّ خُذْ لِیْ حَقِّیْ مِنْ (فلاں یہاں دشمن اور اس کی ماں کا نام لیں۔ وَجْعَلْهُ عِبْرَةً لِّلْمُتَکَبِّرِیْنَ یَا شَدِیْدُ یَا شَدِیْدُ یَا شَدِیْدُ اَللّٰهُمَّ هٰلِکْهُ کَمَا اَهْلَکْتَ قَوْمَ فِرْعَوْنَ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

نقش مذکورہ بالا یہ ہے۔

قہار	ق	ا	د	ر	م	ق	ت	ر
احد	ا	د	ر	م	ق	ت	د	د
دیان	د	ر	م	ق	ت	د	ر	ت
رزاق	ر	م	ق	ت	د	ر	د	ق
متین	م	ق	ت	د	ر	د	ت	م
قادر	ق	ت	د	ر	د	ت	ق	ر
تواب	ت	د	ا	د	ت	ق	م	د
دیان	د	ر	د	ت	ق	م	ر	ا
رحیم	ر	د	ت	ق	م	ر	د	ق

یہ عمل سیف الاولیاء والصالحین کہلاتا ہے۔ تاکہ ظالم اور اطاکس فاجر کے لئے

سیف مسلول اور تیغ بران ہے۔ عوام الناس کو تبلانے سکھلانے کا نہیں ہے
خود بھی اس کا استعمال بموقع اضطرار و عجل مناسب کرنا چاہیئے۔

فالنامہ غوث الاعظم رح

۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
۱۶	۱۵	۱۴	۱۳	۱۲	۱۱	۱۰	۹
۲۴	۲۳	۲۲	۲۱	۲۰	۱۹	۱۸	۱۷
۳۲	۳۱	۳۰	۲۹	۲۸	۲۷	۲۶	۲۵
۴۰	۳۹	۳۸	۳۷	۳۶	۳۵	۳۴	۳۳
۴۸	۴۷	۴۶	۴۵	۴۴	۴۳	۴۲	۴۱
۵۶	۵۵	۵۴	۵۳	۵۲	۵۱	۵۰	۴۹
۶۴	۶۳	۶۲	۶۱	۶۰	۵۹	۵۸	۵۷
۷۲	۷۱	۷۰	۶۹	۶۸	۶۷	۶۶	۶۵

ترتیب وار جوابات یہ ہیں

۱ چند روز صبر و استقلال سے گزار اور خدا پر بھروسہ رکھ اگرچہ ابتدا میں کچھ رکاوٹیں ہیں مگر چند روز کے بعد مقصود حل ہو جائیگا۔

۲ فال نیک ہے دلی مراد حاصل ہو جائے گی۔

۳ ارادہ نیک نہیں۔ اس کے انجام میں ناکامی کا خطرہ ہے۔ اس سے کنارا کشی کرو۔

۴ کام ہو ہی جائے گا۔ استقامت شرط ہے۔

Scanned by CamScanner

۵	مبارک خیال ہے فضل الٰہی شامل حال ہوگا۔
۶	شروع میں اگرچہ ناامیدی ہوتی ہے مگر انجام اچھا ہے۔
۷	دلی مقاصد حل ہونگے بارگاہ الٰہی میں دعا کیا کرو۔
۸	اللہ تعالیٰ پر توکل کرو۔ ارادہ نیک ہے۔
۹	فکر نہ کرو حسب خواہش کام ہو جائے گا۔
۱۰	تمہارا مقصد حسب مرضی پورا ہوگا۔
۱۱	نیک کام ہے اس میں کامیابی یقینی ہے۔
۱۲	کچھ دن صبر کی ضرورت ہے۔ انجام اس کا تمہارے حق میں بہتر ہوگا۔ فوراً ہونا ناممکن ہے۔
۱۳	تمہارا ارادہ درست نہیں اس سے باز آجاؤ۔
۱۴	نہایت عمدہ اور مبارک فال ہے۔
۱۵	مخالف پریشان ہونگے اور تم مقصد مند ہونگے۔
۱۶	اگر محنت کروگے تو کامیاب ہو جاؤ گے۔
۱۷	اللہ کریم تمہاری دلی مراد پوری کرے گا۔
۱۸	اس کا انجام ناکامی ہے خیال چھوڑ دو۔
۱۹	یہ کام نہ ہی اچھا ہے اور نہ ہی ہو سکتا ہے۔ صبر کرو اور اللہ سے دعا کرو۔
۲۰	کچھ عرصہ کے لئے یہ کام ملتوی کر دو۔ تو اچھا ہے۔
۲۱	نیک فال ہے اور کامیابی یقینی ہے۔
۲۲	رازق مطلق کافی رزق دیگا۔ تمہاری قسمت یاور ہے۔
۲۳	جو طلب کروگے مل جائیگا۔
۲۴	جس سے خواہش کروگے وہ پوری کریگا۔
۲۵	اس کام کا دل میں خیال تک نہ لاؤ۔ بجز شرمساری کے کچھ حاصل نہیں ہوگا۔ لہٰذا اس خیال کو چھوڑ دو۔

Scanned by CamScanner

۲۶	کوشش کرو اللہ تعالےٰ کامیاب کرنے والا ہے۔
۲۷	یہ کام نہیں ہوگا محنت ضائع جائے گی۔
۲۸	مقصد نیک ہے اللہ کامیاب کرے گا۔
۲۹	تمہارا مقصد پورا ہوجائیگا چندے صبر کرو۔
۳۰	فال نیک ہے مگر نیت اچھی نہیں۔
۳۱	دشمن گھات میں ہے تمہارے راستہ میں رکاوٹیں پیدا کرے گا۔
۳۲	ارادہ ترک کرو کامیابی مشکل ہے۔
۳۳	صبر سے کام لو۔ کوشش پوری نہ ہوگی۔
۳۴	توکل خدا پر رکھو اوروں سے دعا کیا کرو۔
۳۵	خیال نیک ہے کامیابی کا یقین ہے۔
۳۶	یہ کام نہ درستی اور راستی دونوں سے بعید ہے۔
۳۷	بامراد اور کامران ہوگے۔
۳۸	چند لوگوں کی کوشش سے تمہارا کام بن جائے گا۔
۳۹	اپنے خیال نیک رکھو فال اچھی ہے۔
۴۰	امکان تو نیک ہے انجام کا انتظام کرو اور دعا بھی کیا کرو۔
۴۱	سب مراد انجام ہوگا غوث پاک کی فاتحہ دیا کرو۔
۴۲	جلد مقصد حاصل ہوگا۔
۴۳	کام ہوجائیگا مگر آئندہ لبواس سے توبہ کرو۔
۴۴	تمہارا کام ہمت کرنا ہے اور کامیاب کرنا خدا کا کام ہے۔
۴۵	ارادہ ترک کرو کام اچھا نہیں۔
۴۶	رسوائی اور شرمندگی کے سوا کچھ نہ ہوگا۔ خیال چھوڑ دو۔
۴۷	اللہ تعالےٰ کا فضل شامل حال ہوگا اور تمنا پوری ہوگی۔
۴۸	کام کرتے جاؤ۔ نتیجہ نیک ہے۔

Scanned by CamScanner

۴۹	خالی ہاتھ کچھ نہیں ہو سکتا۔ اگر کچھ خرچ کرو تو مقصد حسب منشار پور ہو سکتا ہے
۵۰	خدا نے چاہا تو کام تمہاری حسب پسند ہو گا۔
۵۱	فکر نہ کرو فضل خدا تمہارے ساتھ ہی ہے۔
۵۲	کچھ دیر کے بعد سب کچھ درست ہو جائیگا۔
۵۳	یہ کام پورا نہیں ہو سکتا اس سے فائدہ کی توقع رکھنا سراسر خام خیالی اور غلطی ہے۔
۵۴	گھبراؤ مت کام عنقریب ہو جائے گا۔
۵۵	نیک خیال ہے کامیابی ہو گی۔
۵۶	یہ فال اچھی نہیں اس خیال کو ترک کرو۔
۵۷	صبر کرو فی الحال تمہارا مقصد حل نہ ہو گا۔
۵۸	کام جلد ہونے والا ہے زیادہ محنت کی ضرورت نہیں۔
۵۹	کام جلد ہو گا۔ صبر کرو۔
۶۰	کامیابی تمہارے پاؤں چومے گی۔
۶۱	اس خیال کو ترک کرو۔ نقصان اٹھاؤ گے۔
۶۲	عنقریب کام ہو جائے گا۔
۶۳	اگر کچھ دن صبر کرو گے کام ہو جائے گا۔
۶۴	نیک کام کا انجام بھی نیک ہے۔ فکر نہ کرو۔
۶۵	اس میں کسی منفعت کی امید نہیں ہو سکتی۔
۶۶	فال نیک ہے نتیجہ بھی اچھا رہے گا۔
۶۷	گھبراؤ مت دلی تمنا جلد بر آئے گی۔
۶۸	اطمینان رکھو انجام اچھا ہے۔
۶۹	اپنے مقصد میں کامیاب ہو گے۔ فکر نہ کرو۔

Scanned by CamScanner

۷۰	بد خیالات سے پرہیز لازم ہے۔ منفعت کی پوری امید ہے۔
۷۱	اگرچہ یہ کام اچھا نہیں کرنے سے نہ کرنا افضل ہے۔
۷۲	مقصد بر آئے گا۔ لیکن اللہ تعالےٰ اسے ناپسند کرتا ہے۔

فالنامہ رمل

یہ فالنامہ خاکسار کا استخراج کردہ ہے۔ اور قابل اعتماد تحفہ ہے باطہارت باوضو۔ قبلہ رو بیٹھ کر فاتحہ تلاوت کر کے حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نیاز دے اور کثرت سے درود شریف پڑھیں۔ اور اپنے مقصد کا تصور کریں اور آنکھیں بند کر کے انگشت شہادت جدول ذیل کے خانوں میں سے کسی خانے میں رکھ دیں۔ لیکن انگلی رکھنے سے پیشتر اللہ تعالےٰ سے صحیح جواب کیلئے دعا کر لیں۔ پھر جس خانہ پر انگلی پڑے اس کا نمبر دیکھ کر جواب دیکھ لیں۔ جدول یہ ہے۔

جدول یہ ہے

۹	۲	۳	۴
۵	۶	۷	۸
۹	۱۰	۱۱	۱۲
۱۳	۱۴	۵	۱۶

نمبر استکال ۱

جوابات

نیک فال ہے یورپ کی طرف سفر کرو۔ جو کام کرنا چاہتے ہو اس میں بہتری توقع ہے۔ مرض کا خیال ہے تو وہ صفراوی ہے۔ صحت ہو جائیگی روپیہ زیادہ ملنے کی امید نہیں جلد خرچ ہو جائے گا۔

۲	سفر تو غالباً پیش ہی نہ آئیگا۔ رزق میں کشائش ہو۔ غائب بھی جلد ملنے کی امید ہے روپیہ بھی ہاتھ آئے۔ مریض کا معدہ درست نہیں صحت دیر سے ہوگی۔
۳	سفر کرنے میں روکنے والا کوئی نہیں۔ پریشانی یقینی ہے عزیز و اقارب بخریت ہیں۔ مریض بخار یا دستوں میں مبتلا ہے ابھی دیر ہے صحت ہوگی تکلیف عام ہوگی۔ پرامن زندگی کے امکان نہیں روپیہ پیسہ ملنے کی امید نہیں۔ اللہ تعالےٰ پر بھروسہ رکھو۔ تمہارے نتائج نشلی بخش معلوم نہیں ہوتے۔
۴	درمیانی حالات و تمناؤں سفر کا ارادہ ہے تو دیر میں پیدا ہو۔ تم غالباً نجومی، شاعر، ڈاکٹر یا حکیم ہو۔ مریض کا سوال ہے تو اُسے آسیب کا ہے۔ صحتیاب ہونے کا بھی شک ہے۔ معدہ کا بھی علاج کرنا چاہیئے۔ مگر فکر مت کرو۔ عزیز و احباب کی خیریت کی خبر عنقریب پہنچے گی۔
۵	محبوب سے وصال ہو۔ دل مالا مال ہو۔ کسی جگہ سے کچھ مل جاوے سفر مبارک ہو کامیاب رہو گے۔ مریض کو خفقان ہے جلد صحت ہو۔ عورت کے حاملہ ہونے کا یقین ہے۔ محبت کا شوق کا جواب شروع ہی میں ہے۔
۶	فال بیحد منحوس ہے۔ ہر کام کا نتیجہ الٹا نظر آتا ہے اگر سفر جانے کا ارادہ ہے تو نتیجہ سرگردانی ہوگا۔ اگر مریض کی بابت سوال ہے تو اس کی

Scanned by CamScanner

	شکمی بیماری ہے اور مسہور بھی ہے۔ اگر سوال حاملہ کے متعلق ہے۔ تو یقین کر کہ اس کا حیض رک گیا ہے اور پیٹ میں سختی ہے غلام سیاہ رنگ بد اصل ہے۔ اس کے چہرے پر چیچک کے نشان ہیں۔ راز ظاہر کرہی رہیگا۔ تو اکثر غمزدہ رہتا ہے۔ رات کو پریشان خواب آتے ہیں۔ اور تو ڈرتا ہے۔
۷ ☰	یہ فال اچھی نہیں سفر کا ارادہ ترک کر دو۔ یہ سفر فائدے سے خالی ہے قرضخواہوں سے سر دست دستکاری نہیں ہو سکتی تمہارا دوست عدم پتہ ہے تمہارا مال کسی سیاہ فام عورت نے چورایا ہے۔ مریض کی صحت کی امید نہیں یا سخت بیماری اٹھا کر وہ تندرست ہوگا مرض کے علاوہ سحر کا بھی خیال ہے۔ بیوی قابل اعتبار نہیں اور دوست بھی وفادار نہیں شادی کی آرزو پوری ہو جائے گی۔ روزگار بھی ملیگا۔ سیاہ اشیاء صدقہ میں دیا کرو۔
۸ ☶	فال ٹھیک نہیں سفر پیش آئیگا۔ تمہارے دل میں خوف و ہراس جاگزیں ہے اور زندگی غم و غصہ میں بسر ہوتی ہے۔ بیوی سے کچھ فائدہ ہوگا۔ مال ضائع بھی ملیگا۔ مریض کو خونی دست آتے ہیں۔ یا اس کے پیٹ میں پھوڑا ہے زندگی خطرہ سے خالی نہیں کہیں درد ہے خواب میں ڈرتے ہو چیلوں کو گوشت اور سرخ اشیاء کا صدقہ دو۔
۹ ☲	فال بہت مبارک ہے۔ شمال کیطرف سفر سے فائدہ ہے لہجہ وجوہ بہتری اور سلامتی کی دلیل ہے۔ علم کے متعلق سوال ہے تو علم حاصل ہوگا۔ شادی کی آرزو ہے تو پوری ہوگی۔ اگر حصول مال کا سوال ہے۔ تو

Scanned by CamScanner

	مل جائیگا۔ مگر دشواری سے۔ لیکن خرچ بھی جلد ہو جائے گا۔ بیمار نازک حالت میں ہے۔ مشکل سے جانبر ہو گا۔ مرض بلغمی ہے۔ عورت حاملہ نہیں ہے۔ اس کا خون حیض بند ہے۔ مریض کے لئے سفید اشیاء کا صدقہ دینا چاہئیے۔ مثلاً سفید کپڑا چاول کھیر و دودھ۔ چاندی وغیرہ ابھی دس روز سختی کے باقی ہیں۔
۱۰ ش	فال بہت نیک ہے۔ مشرق سفر سے فائدہ ہو گا۔ کسی بادشاہ یا حاکم سے ملاقات کے لئے جانا ہے۔ تو اجازت ہے بیشک جلد فائدہ حاصل ہو گا والدین بخیر و خوبی عافیت سے ہیں۔ روزگار جلدی ملنے والا ہے۔ وظیفہ یا عمل کرنے کا ارادہ ہے۔ تو نفع ہو گا۔ مریض صفراوی بخار میں مبتلا ہے۔ تندرستی حاصل کریگا۔
